# SENATE OF PAKISTAN

## SENATE DEBATES

*Wednesday, April 2, 2003*

The Senate of Pakistan met in the Senate Hall (Parliament House) Islamabad, at thirteen minutes past ten in the morning with Mr. Chairman (Mr.Mohammedmian Soomro) in the Chair.

---

*Recitation from the Holy Quran*

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الا الذین یصلون الٰی قوم بینکم وبینہم میثاق اوجاء وکم حصرت صدورھم ان یقاتلوکم اویقاتلوقومھم ولوشاء اللہ لسلطھم علیکم فلقٰتلوکم فان اعتزلو کم فلم یقاتلوکم والقوا الیکم السلم فماجعل اللہ لکم علیھم سبیلاً۔

ترجمہ: مگر جو لوگ ایسے لوگوں سے جا ملے ہوں جن میں اور تم میں (صلح کا) عہد ہو یا اس حال میں کہ اُن کے دل تمھارے ساتھ یا اپنی قوم کے ساتھ لڑنے سے رک گئے ہوں، تمھارے پاس آ جائیں (تو احتراز ضرور نہیں) اور اگر خدا چاہتا تو اُن کو تم پر غالب کر دیتا تو وہ تم سے ضرور لڑتے پھر اگر وہ تم سے (جنگ کرنے سے) کنارہ کشی کریں اور نہ لڑیں اور تمھاری طرف صلح (کا پیغام) بھیجیں تو خدا نے تمھارے لئے اُن پر (زبردستی کرنے کی) کوئی سبیل مقرر

نہیں کی۔

(النسآ ۹۰)

## POINT OF ORDER: RE: TELEPHONIC TALK BETWEEN U.S SECRETARY OF STATE MR. COLLIN POWEL AND MR. PERVEZ MUSHARRAF REGARDING KAHUTA LABORATORY.

**جناب چیئرمین:** جی سب کو موقع دیں گے let's start with Mr. Baig

**جناب محمد انور بیگ:** جناب! آج کے اخبار میں کچھ national importance کی ایک دو خبریں آئی ہیں I would like to get it clarified from the Treasury Benches. unfortunately who are also not here again. Sir, پہلے تو ان کو کہیں کہ for God's sake, this is Iraqi problem and a very serious problem pertaining to Pakistan.......

**Mr. Chairman:** Treasury benches, members are here.

(Interruption)

**جناب محمد انور بیگ:** ابھی تک نثار میمن صاحب نے oath نہیں لیا۔

I would request you Mr. Chairman! if you could ask the gentleman to please sit down because he is not the man responsible, please tell him to sit down Mr. Chairman! he has not taken oath as Minister.

**Mr. Chairman:** No, no, but here the point is, he is saying that the members are here, ministers are not.

**Mr. Muhammad Enver Baig:** Sir, what does he know? کہ Foreign Office میں کیا ہو رہا ہے he does not know anything, he is ordinary member like me.

**Mr. Nisar Ahmad Memon:** The Government

Ministers are not in their benches I am here.

Mr. Chairman: No, no, his point is that the members are here.

Mr. Muhammad Enver Baig: Mr. Chairman! please, ask him to sit down. Mr. Chairman! please, request him to sit down.

Mr. Chairman: He is sitting down, please continue, you continue.

جناب محمد انور بیگ ، جناب! ظاہر ہے وہ اپنے نمبر بنا رہے ہیں Nisar Memon Sahib, I cannot blame you.

جناب چیئرمین ، نثار صاحب کا point valid ہے کہ ممبرز ہیں اگر cabinet نہیں ہے---------

Mr. Muhammad Enver Baig: Right sir. Sir, my question is regarding the telephone call which transpired between General Musharraf and General Collin Powel the Secretary of State of the United States yesterday. I would like to know from the Foreign Minister that was this call made by General Collin Powel or it was made by General Musharraf No.1.

Mr. Chairman: What is the difference.

Mr. Muhammad Enver Baig: Sir.

Mr. Chairman: What would be the difference.

Mr. Muhammad Enver Baig: Sir, it is regarding the Kahuta problem. No.2 as a matter of protocol, it is the job of the Foreign Minister

to talk to his counterpart of any other country and, of course, it is not the concern of General Musharraf.

کیونکہ اگر جنرل مشرف بات کریں تو ظاہر ہے کہ وہ President Bush سے بات کریں گے۔

Shall I presume that the honourable Foreign Minister was last night made

sir, ForeignMinister is ان کو OSD بنا دیا گیا notified as officer on special duty here right now, I would appreciate, if he could kindly give answer to these queries or if the Foreign Minister want, I can repeat my question once again.

**Mr. Chairman:** He is here now, you can repeat it but is the session requisitioned for these things?

(Interruption)

**Mr. Muhammad Enver Baig:** No, no. sir, this is a matter of national importance and sir the honourable Minister is here and I would like to have an answer from him. Do you allow me sir. Mr. Foreign Minister I am seeing report in today's newspapers that General Musharraf has a conversation with Collin Powel, the US Secretary of State yesterday, regarding the Kahuta problem. I would like to know from you Mr. Foreign Minister was that call made by Mr. Collin Powel or General Pervez Musharraf.

**Mr. Chairman:** Yes.

**Mr. Khurshid Mehmood Kasuri:** Mr. Chairman, the report may have appeared today that actually the matter regarding KRL was brought to our notice some days ago, and our Ambassador was first

informed because the American Government probably did'nt think it proper that we should learn through the newspapers . so they informed our Ambassador and we have known many days earlier and we have protested through him and the call that the honourable Senator is reffering to , I would like to take this House in confidence that the Secretary of State actually rang President Musharraf many days ago. Now perhaps this is possible that the report that has appeared today may be referring to that conversation because the Secretary of State wanted to inform President directly in view of the relationship between Pakistan and the United States and he did'nt want that the Government of Pakistan should read through the newspapers. And in fact in this case the report did not appear in newspapers and there is second conversation yesterday I am not aware of that but I think the honourable member's point has been answered because this report was placed probably a week ago and he had spoken to the President and informed him, the President duly protested. As did I, when I was informed by competent people on behalf of the US Government because I said that our position is very clear, we are a responsible country, we donot believe in a proliferation, we are sensitive to the needs of United States, Europan Union, Japan and other friends of Pakistan who are all sensitive to Nuclear proliferation. So our point sir, I would like to inform the honourable Senator and other colleagues of mine through you is that we do not indulge in proliferation. We have asked the Government of the United States, we have told them that there is nothing that we know that has happened. it has not

happened during the period of the President who is in power, his government or since our government has been in power, which is barely five months sir and we have expressed our disappointment with the American government on this issue and no answer in terms. I would also like to inform the honourable Senator sir that the Government of Pakistan is not really disturbed on account of any actions of the flow of technical information that may be affected by this ban. We are objecting to it on a diplomaticbasis. As far as the Kahuta Research Laboratory is concerned and not just the Kahuta Research Laboratory, our entire nuclear programme, and our entire missile programme is indigenous, we are selfsufficient and the members of this House would be happy to know that the Pakistani people through their hard efforts, toil and labour and backing of their scientists have acheived certain level in both nuclear and missile technology that is self sustaining. We are not dependent on any outsider. Thank you sir.

**Mr. Chairman:** Thank you. O.K. Now Mr. Farhat Ullah Babar.

POINT OF ORDER; RE: EX-P.M Ms. BENAZIR BHUTTO'S $ 60 MILLION ACCOUNT IN SWISS BANKS, REPORTED IN THE NAB ANNUAL REPORT.

**Farhat Ullah Babar:** Thank you Mr. Chairman I willtake not more than three minutes because I know this is a special session on Iraq

آج ہی کے اخبارات میں جناب چیئرمین! نیب کے چیئرمین کی رپورٹ آئی ہے کہ انہوں نے
جناب صدر اور وزیراعظم صاحب کو نیب کی کارکردگی کے بارے میں ایک سالہ رپورٹ پیش کی

ہے - اس میں کئی باتیں ہیں میں ان پر بحث نہیں کروں گا اس کے لئے میں ایک علیحدہ resolution دوں گا۔ اس رپورٹ کے اندر کہیں اس بات کا ذکر نہیں ہے جس کا ذکر یہ باہر آ کر اخبارات میں کرتے ہیں۔

اس رپورٹ میں کہیں یہ نہیں ہے کہ محترمہ بینظیر بھٹو کے ساٹھ ملین ڈالر Swiss بینکوں میں ہیں لیکن جب انہوں نے یہ رپورٹ جناب صدر اور جناب وزیراعظم کو پیش کی اور بعد میں جب ان کے ترجمان نے پریس کانفرنس کی تو ایک بار پھر انہوں نے کہا کہ بینظیر بھٹو کے ساٹھ ملین ڈالرز باہر ہیں۔ ہم ان کو واپس لائیں گے۔ میں اس پر احتجاج کرتا ہوں اور میں یہ گزارش کرنا چاہتا ہوں کہ ان کو اچھی طرح یہ معلوم ہے کہ سوئس گورنمنٹ کے وکیل نے سرٹیفکیٹ دیا ہے کہ یہ رقم محترمہ بینظیر بھٹو کی نہیں ہے۔ محترمہ بینظیر بھٹو نے ہزار بار کہا ہے کہ یہ رقم میری نہیں ہے۔ اگر تم سمجھتے ہو کہ یہ میری ہے تو جا کے لے لو۔ ان کو اچھی طرح معلوم ہے کہ سپریم کورٹ آف پاکستان نے اسی کیس میں یہ فیصلہ دیا تھا اور کہا تھا کہ the trial judge was so biased that his biasedness floated on the surface of the record and the case was questioned and sent back. ان ساری باتوں کے باوجود جناب چیئرمین، اگر ان کو اس بات پر اصرار ہے کہ یہ نیب کو ایک سیاسی instrument بنانا چاہتے ہیں تو یہ ایک بہت بڑی بدقسمتی ہو گی۔ میں اس سینیٹ کے فلور پر چیئرمین نیب کو چیلنج کرتا ہوں جناب چیئرمین، one to one آ کے ٹیلی ویژن پر میرے ساتھ بیٹھیں اور ثابت کریں کہ ساٹھ ملین ڈالرز، بینظیر بھٹو کا سوئس گورنمنٹ میں ہے۔ اگر وہ یہ ثابت کر دیں جناب چیئرمین، تو میں پھر جرمانہ دینے کے لئے تیار ہوں۔ پھر آپ مجھے سینیٹ سے نکال دیں لیکن اگر وہ یہ ثابت نہ کر سکے۔

**Mr. Chairman:** You have made your point. It has been recorded. Let us go to the next point.

جناب فرحت اللہ بابر: جناب چیئرمین! مجھے عرض کرنے دیں۔ میں آپ سے روشنی طلب کر رہا ہوں۔ جناب، میں آپ سے روشنی طلب کر رہا ہوں۔

Mr. Chairman : This is a different issue.

اس پر بعد میں آپ بات کریں گے تو you are welcome to, then دیکھ لیں گے۔ Main متن تو آپ نے اس کا بتا دیا۔

**جناب فرحت اللہ بابر:** جناب چیئرمین! میرا مطلب تو ابھی حل نہیں ہوا ۔ میں آپ سے روشنی طلب کر رہا ہوں۔ آپ اگر [***] رہے تو ٹھیک ہے، میں تو آپ سے روشنی طلب کر رہا تھا۔

**جناب چیئرمین:** میں کیا لگا رہا ہوں۔ کیا کر رہا ہوں۔

**جناب فرحت اللہ بابر:** اوکے جناب،

**جناب چیئرمین:** آپ نے اس سے پہلے کیا کہا۔

**جناب فرحت اللہ بابر:** میں نے کہا کہ جی میں تو روشنی طلب کر رہا ہوں۔

**جناب چیئرمین:** نہیں اس سے پہلے آپ نے کیا کہا۔

**جناب فرحت اللہ بابر:** میں نے کہا کہ اگر [***] لگ رہی ہے-----

**جناب چیئرمین:** نہیں، تو [***] کہاں لگ رہی ہے۔ میں [***] لگا رہا ہوں۔ آپ کو بولنے دے رہا ہوں۔ to the point بولیں، سب کا وقت ہے۔ یہ تو بات نہیں ہے۔ ایسے اگر آپ بات کریں گے، [***] لگا رہا ہوں، کیسے [***] لگا رہا ہوں؟ آپ کو بولنے دے رہا ہوں، یہ [***] لگا رہا ہوں۔ میرا فرض ہے کہ آپ کو بولنے دوں۔ to the point آپ بولیں۔ پوائنٹ آپ کا جو main ہے وہ register ہو گیا۔ ایسی کوئی بات نہیں ہے کہ میں [***] لگا رہا ہوں۔ میری عرض ہے کہ let us remain within confines.

**جناب فرحت اللہ بابر:** جی جناب۔

**جناب چیئرمین:** Please sir نہیں، یہ پہلے جی sir یہ صاحب پہلے کھڑے ہوئے تھے۔

---

+ (*** بحکم جناب چیئرمین الفاظ حذف کئے گئے)

جناب کامران مرتضیٰ: آپ نے پشاور میں بیان دیا ہے کہ جو لوگ کہتے ہیں کہ عراق کے بعد پاکستان کی باری آئے گی وہ یہودیوں کے ایجنٹ ہیں۔ جناب پانچ روز سے ہم یہاں پر بحث کر رہے ہیں اور معزز اراکین نے کئی دفعہ یہ بات کی ہے۔ وہ ایوان سے باہر جا کے کہتے ہیں کہ ہم یہودیوں کے ایجنٹ ہیں تو یہ بہت زیادتی ہے۔ ان سے کہیں کہ ایوان کا، کم از کم اس طرح استحقاق تو مجروح نہ کریں۔

جناب چیئرمین: ٹھیک ہے۔ ذرا یہاں بھی آجاتے ہیں۔

POINT OF ORDER:RE: MISREPRESENTATION OF THE NAME OF THE MEMBER.

میر محمد نصیر مینگل: پوائنٹ آف آرڈر۔ جناب چیئرمین صاحب! شکریہ۔ دیر آید درست آید لیکن جیسے کہتے ہیں کہ آسمان سے گرا کھجور میں اٹکا، مجھے انتہائی افسوس ہوا کہ جب مجھے رات کو ایک دو ٹیلیفون آئے کہ رات کے بارہ بجے کے انگریزی بلیٹن میں جو نام لیا گیا، اس میں نام اور خاص کر کے میرے قبیلے کا نام، جس سے میرا تعلق ہے، یہ بہت عظیم اور مشہور قبیلے ہیں، دونوں کی pronunciation غلط کی۔ میں ٹی وی کے اس رویہ پر احتجاج کرتا ہوں۔ نصیر مینگل، میرا نام ہے محمد نصیر، میرے قبیلے کا نام ہے مینگل۔ اگر اس کی pronunciation صحیح نہ ہو، یہ ایک عظیم قبیلہ ہے۔ اس قبیلے کی عظیم شخصیات اور ہستیاں، بلوچستان میں مختلف حکومتوں میں بھی رہی ہیں اور حزب اختلاف میں بھی رہی ہیں، جیسے سردار عطاء اللہ خان مینگل تھے۔

جناب چیئرمین: ہم ان کو بتا دیں گے انشاء اللہ۔ غفور صاحب۔

میر محمد نصیر مینگل: جناب، اس طریقے سے ایک سینیٹ کے ممبر کے استحقاق کو وہ مجروح کریں گے تو باقی لوگوں کا کیا ہو گا۔ میڈیا کے متعلق پہلے سے لوگ احتجاج کرتے رہے ہیں کہ یہ ان کا طریقہ کار صحیح نہیں ہے۔ وہ اپنی پسند و ناپسند سے سب کچھ مسخ کر دیں۔ میرا نام مسخ کر لیں کوئی پرواہ نہیں لیکن قبیلے کا نام تو صحیح لیں۔ ان کو ہدایت دی جائے۔ صبح کی نیوز میں بھی بالکل بلیک آؤٹ ہوا، کوئی نام نہیں آیا۔ اس طریقے سے یہ چیز نہیں ہونی چاہیئے اور اس کا تدارک ہونا چاہیئے۔

جناب چیئرمین: پروفیسر غفور صاحب۔

POINT OF ORDER;RE: AMERICAN FOREIGN OFFICE REPORT AGAINST PAKISTAN

**پروفیسر غفور احمد:** جناب چیئرمین! آج اخبارات میں امریکی وزارت خارجہ کی طرف سے ایک رپورٹ کا متن شائع ہوا ہے جس میں حکومت پاکستان کی ۲۰۰۲ء کی کارکردگی پر روشنی ڈالی گئی ہے اور امریکہ نے ہمارے ساتھ دوستی کا اس طرح اظہار کیا ہے کہ اس میں یہ بات بتائی گئی ہے کہ ۲۰۰۲ء میں پاکستان میں کرپشن رہا ہے۔ پاکستان میں اقلیتوں کے ساتھ مظالم ہوئے ہیں اور دوسری باتوں میں ایک بات یہ کہی گئی ہے کہ پاکستان نے ابھی تک cross border terrorism مقبوضہ کشمیر میں ختم نہیں کیا ہے۔ میں کہنا چاہتا ہوں کہ کیا یہ ہے امریکہ کی وہ دوستی جو ہمارے ساتھ کر رہا ہے۔ اس کی رپورٹ پر یہ بات کہی جا رہی ہے کہ مقبوضہ کشمیر میں ہم infiltration کر رہے ہیں اور ان آنکھوں کے اندھوں کو یہ بات دکھائی نہیں دیتی کہ بھارت کی ۷ لاکھ فوج وہاں پر مظالم ڈھا رہی ہے۔ گزشتہ ۱۳ برسوں میں ۸۰ ہزار لوگوں کو شہید کیا جا چکا ہے۔ میں اس بات پر اعتراض کرتا ہوں اور حکومت پاکستان سے درخواست کرتا ہوں کہ وہ دوبارہ اس کو دیکھیں کہ کیا فی الحقیقت امریکہ کبھی ہمارا دوست تھا اور کبھی دوست ہو سکتا ہے؟

جناب چیئرمین: جی رضا محمد صاحب، بولیں۔

POINT OF ORDER:RE: APPOINTMENTS IN BALOCHISTAN UNIVERSITY. OF THE PEOPLE NOT BELONGING TO THE PROVINCE

**جناب رضا محمد رضا:** شکریہ جناب چیئرمین۔ میں آپ حضور اور معزز ایوان کی توجہ بلوچستان یونیورسٹی جو کوئٹہ میں قائم ہے اس سے متعلق نہایت اہم مسئلے کی طرف مبذول کرانا چاہتا ہوں۔ جناب چیئرمین! کوئٹہ یونیورسٹی جو صوبے کی واحد یونیورسٹی ہے۔ اس میں ہمارے صوبے کے پشتون اور بلوچ قوم کے طلباء پڑھتے ہیں لیکن اس یونیورسٹی میں گزشتہ ایک دو مہینے میں ۱۰۰ سے زائد آسامیوں پر ۱۶، ۱۷، ۱۸ اور ان سے کم گریڈ کی آسامیوں پر قاعدے، قانون اور میرٹ کے اصولوں کو پامال کرتے ہوئے تعیناتی کی گئی ہے جو اس صوبے کے ساتھ بہت بڑی زیادتی

ہے اور اس میں ستم ظریفی یہ ہے کہ ستر فیصد سے زائد آسامیوں پر غیر مقامی' جو صوبے کے لوگ نہیں ہیں ان کی تعیناتی عمل میں لائی گئی ہے۔ یہ افسوسناک صورتحال ہے کہ وزیر اعظم کا تعلق اور وفاقی وزیر تعلیم کا تعلق بھی صوبہ بلوچستان سے ہے اور صوبے کے سب سے اہم تعلیمی ادارے میں اتنی بڑی زیادتی ہو رہی ہے۔ اگرچہ اس صوبے میں طلباء کی دلچسپی ہر وقت تعلیم سے رہی ہے لیکن موجودہ مسائل کی وجہ سے طلباء سڑکوں پر آنے پر مجبور ہو گئے ہیں۔

جناب چیئرمین: رضا صاحب' یہ ایک صوبائی معاملہ ہے۔ آپ نے اپنے خیالات کا اظہار کر لیا ہے۔ آپ لکھ کر بھیج دیں۔ انہیں pass on کر دیں گے۔

جناب رضا محمد رضا: جناب چیئرمین! وہاں کے گورنر جو وائس چانسلر ہیں وہ اس مسئلے کا کوئی نوٹس نہیں لے رہے ہیں۔ ہائر ایجوکیشن کے نئے یونیورسٹی گرانٹس کمیشن نے ۸ ۳ کروڑ روپے دیئے ہیں۔ اس میں شرط یہ ہے کہ آپ نے ۹ ہزار طالبعلموں کے داخلے کو یقینی بنانا ہے۔ لیکن وہاں پر داخلہ فیسوں میں اتنا بے پناہ اضافہ ہوا ہے کہ وہاں پر داخلہ ۵۰ فیصد سے کم ہو گیا ہے۔ اب ایسے حالات میں ہم مرکز سے اپنے کوٹے کا مطالبہ کرتے ہیں کہ ہمارے صوبے کو ہماری نمائندگی دی جائے۔

جناب چیئرمین: رضا صاحب' یہ ایک صوبائی معاملہ ہے۔ آپ لکھ کر بھیج دیں انہیں pass on کر دیں گے۔

جناب رضا محمد رضا: وزیر تعلیم اس پر بات کریں اور ہمیں یقین دہانی کرائیں۔

جناب چیئرمین: ٹھیک ہے جب وہ آئے گا۔ ابھی تو topic کوئی اور ہے۔ اس کو کر لیں گے۔ آپ مہربانی کر کے لکھ کر بھیج دیں کیونکہ یہ فوری نوعیت کا معاملہ نہیں ہے۔ بالکل کر دیں گے۔ وزیر تعلیم سے ہم کہیں گے کہ جب وہ کوئٹہ جائیں گے تو وہاں صوبائی حکومت سے اس معاملہ پر بات کر لیں گے۔

جناب جسٹس (ر) عبدالرزاق تھہیم: جناب چیئرمین! میری ایک عرض ہے کہ بابر صاحب نے ریمارکس دیئے ہیں کہ آپ [***] لگا رہے ہیں۔ میں کچھ بھی نہیں کہوں گا۔ بڑے معتبر ہیں، بڑے قابل شخص ہیں۔ ٹھیک ہے یہ Upper House ہے وہ کہہ سکتے ہیں۔ چیئرمین کے لئے یہ لفظ ریکارڈ پر رہنا میرے خیال میں یہ [***] لگانے والے الفاظ expunge کئے جائیں۔ میں کوئی تقریر نہیں کرنا چاہتا ہوں۔ اگر آپ ہاؤس سے رائے لینا چاہتے ہیں تو بے شک لے لیں۔

جناب چیئرمین: یہ لفظ expunge کیا جاتا ہے۔

Mr. Farhat Ullah Babar: Mr. Chairman, I said

کہ ہم آپ سے روشنی طلب کر رہے ہیں۔

جناب چیئرمین: آپ نے کہا کہ آپ [***] لگا رہے ہیں۔ I am sorry. میرے پاس کونسی تیلی ہے یا کونسا-------

Mr. Farhat Ullah Babar: I am sorry. I withdraw those words.

Mr. Chairman: Thank you. Now, I think, let us proceed with the topic that the session was requisitioned for. First speaker for today is not here. Mr. Muhammad Ajmal Khan, Dr. Muhammad Ismail Buledi:

DISCUSSION ON IRAQ WAR

ڈاکٹر محمد اسمٰعیل بلیدی: اعوذ باللہ من الشیطٰن الرجیم۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ جناب چیئرمین! میں آپ کا انتہائی مشکور ہوں کہ آپ نے اس انتہائی اہم مسئلہ پر مجھے بولنے کی اجازت دی۔ سب سے پہلے میں آپ کو تین سال کے لئے بحیثیت چیئرمین سینیٹ منتخب ہونے پر اپنی طرف سے اور اپنی پارٹی کی طرف سے دل کی گہرائیوں سے مبارکباد پیش کرنا چاہتا ہوں۔ میں پہلے بھی ڈھائی سال رہا ہوں لیکن اس دفعہ پہلے session میں مجھے

---

+ (*** بحکم جناب چیئرمین الفاظ حذف کئے گئے)

جو ماحول، محبت، رواداری نظر آئی وہ قابل تعریف ہے ۔ ساٹھ ستر کے قریب ارکان نے اپنی مرضی سے بولا اور آپ نے کوئی مداخلت نہیں کی۔ پہلے یہ ہوا کرتا تھا کہ چار پانچ ارکان بولتے تھے پھر wind up کرتے تھے لیکن آپ نے یہ ثبوت پیش کیا کہ آپ اس ہاؤس میں انشاء اللہ سب کو لے کر چلیں گے اور انشاء اللہ سب آپ کے ساتھ ہیں۔

عراق کا مسئلہ بہت اہم ہے۔ میں حیران ہوں کہ ہم ایک ہفتے سے عراق کے مسئلے پر بات کر رہے ہیں لیکن اس دوران حکمران بہت پریشان رہے ہیں۔ امریکہ سے کال آ رہی ہے کہ آپ اس کو جلدختم کریں۔ یہ کیا مذاق بنایا ہے آپ نے کہ ہر روز صبح و شام سینیٹ کے فورم پر امریکہ کے خلاف بات ہو رہی ہے۔ اس لئے ہمارے دوستوں نے Point of Order پر بات کی ۔ اس دوران بھی کچھ منسٹرز، کچھ ہماری اہم حکومتی شخصیات اپنی نوکری پکی کرنے کے لئے امریکہ کی حمایت میں بیان دے رہے ہیں۔ کم از کم اس دوران تو ان کو خاموش رہنا چاہیئے تھا کہ اس مسئلہ پر ایک اہم ادارہ بات کر رہا ہے۔

جناب چیئرمین! میں نہیں سمجھتا کہ ہم آزاد ہیں۔ پہلے یہ فورم ہماری آزادی کے لئے کوشش کرے۔ جناب! آج تک ہمارے جتنے فیصلے ہوئے ہیں وہ امریکہ سے ہوئے ہیں۔ آپ نے حکومت سازی میں بھی دیکھا کہ امریکی سفیر کی اہم شخصیتوں سے ملاقات رہی اور ان کی سفیر ہماری ایک اہم شخصیت کے پاس آئی اور کہا کہ جناب! اگر آپ نیشنل اسمبلی کی 150 سیٹیں لیتے پھر بھی امریکہ آپ کو Prime Minister تسلیم نہیں کرتا ہے۔ میں یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ ہم امریکہ کی کوئی کالونی ہیں یا ہم ایک آزاد ملک ہیں۔

جہاں تک عراق کا مسئلہ ہے میں کہتا ہوں کہ عراق پورے عالم اسلام کے لئے لڑ رہا ہے۔ وہ صرف اپنے لئے جنگ نہیں کر رہا ہے۔ میں سلام پیش کرتا ہوں عراقی عوام کو کہ وہ ایک جابر اور ظالم کے خلاف لڑ رہے ہیں اور انہوں نے ہتھیار نہیں ڈالے۔ امریکہ نے کہا کہ صدام! نکل جاؤ میں حملہ نہیں کرونگا۔ لیکن میں سلام پیش کرتا ہوں عراقی عوام کو کہ امریکی میزائل برسا رہے ہیں اور عراق کے عوام کھیل رہے ہیں، کھیل دیکھ رہے ہیں۔ وہاں ایک میچ ہو رہا تھا main بازار میں اور امریکی پوری آبادی پر میزائل برسا رہے تھے لیکن آپ نے دیکھا کہ نوے ہزار لوگوں نے اس میچ کو دیکھا اور ان میں کوئی گھبراہٹ اور کوئی پریشانی نہیں تھی۔ اگر

امریکہ ہمیں کہتا، ہمارے بادشاہ کو کہتا، ہمارے حکمران کو کہتا کہ آپ اپنے ملک سے نکل جائیں ورنہ میں حملہ کرنے والا ہوں، یہ شکر ہے کہ پہلے اس نے صدام کو کہا ہے۔

جناب والا! امریکہ کیا چاہتا ہے؟ امریکہ کو کس نے اس دنیا کا جج بنایا ہے جس کی بنا پر وہ کہتا ہے کہ صدام! اپنے ملک سے نکل جاؤ۔ اگر امریکہ کو اپنی حفاظت کے لئے ہتھیار رکھنے کی اجازت ہے تو پھر پاکستان، ایران، عراق اور سعودیہ کو کیوں نہیں ہے؟ کیا یہ ان کا حق نہیں ہے کہ ہتھیار رکھیں؟ کیا یہ مداخلت نہیں ہے جو امریکہ کر رہا ہے؟ امریکہ کہتا ہے کہ دہشت گردی کو ختم کریں اور کہتا ہے کہ میں اس دنیا سے دہشت گردی کو ختم کروں گا۔ کیا اسرائیل ان کو نظر نہیں آتا ہے؟ اسرائیل ان کا پالا ہوا بچہ ہے اور وہ فلسطین پر دن رات حملے کر رہا ہے۔ وہاں بچوں کو مار رہا ہے۔ یہ دہشت گردی نہیں ہے؟ دہشت گردی اسے عراق میں ہی نظر آ رہی ہے۔ میں امریکہ کو بتانا چاہتا ہوں کہ آپ کے عزائم بہت خطرناک ہیں۔ آپ نے یہ جنگ پورے عالم اسلام کے لئے شروع کی ہے۔ اس کی ابتداء آپ نے وہاں سے کی ہے۔ آج اس نے کہوٹہ لیباٹری کے لئے جو سگنل دیا ہے، وہ اس بات کا ثبوت ہے کہ پاکستان حملے کے لئے تیار ہو جائے۔ میں کہتا ہوں کہ اللہ نہ کرے ہم پر وہ مرحلہ آ جائے اور اگر وہ مرحلہ آ گیا تو ہمارے یہ بزدل حکمران، میں یہ خود نہیں کہتا ہوں بلکہ وہ خود کہتے ہیں کہ آ کر hand over and take over کریں، خدا کے لئے ہمیں نہ ماریں۔ میں کہتاہوں کہ غلامی کی ہزار سال کی زندگی سے آزادی کی ایک دن کی زندگی بہتر ہے۔ مرنا تو ایک دن ضرور ہے۔

ہم آہ بھی کرتے ہیں تو ہو جاتے ہیں بدنام

وہ قتل بھی کرتے ہیں تو چرچا نہیں ہوتا۔

یہ کیا ہے؟ امریکہ کو کون روکتا ہے؟ اب اقوام متحدہ کہاں گئی ہے؟ سلامتی کونسل کی قراردادیں اور انصاف کے تقاضے کہاں گئے؟ یہ سب ادارے امریکہ کے پالے ہوئے بچے ہیں۔ یہ خواہ مخواہ انہوں نے نام دیئے ہوئے ہیں جیسے O.I.C ہے۔ میں عرب لیگ کے حکمرانوں سے یہ پوچھنا چاہتاہوں کہ آپ کی کیا مجبوریاں ہیں؟ میں حیران ہوں کہ جب امریکہ کی بات آتی ہے تو سب ڈر جاتے ہیں۔ پتا نہیں کہ یہ کیا بلا ہے۔ Might is right. جس کے پاس طاقت ہے، وہ جہاں دل چاہے، جائے۔ دنیا کو کوئی عذر نہیں پیش کیا۔ لیکن مسلمانوں کو یہ حق نہیں ہے کہ

وہ ایسا کریں۔ امریکہ کا یہ پروگرام ہے کہ پوری دنیا میں اسلام کو ختم کرے۔ انہیں اسلامی دنیا اور سب سے زیادہ خطرہ پاکستان سے ہے۔ یہاں چودہ کروڑ عوام مسلمان ہیں۔پاکستان کہتا ہے کہ میری باری نہیں آئے گی۔ جناب والا! امریکہ آپ کا چچا زاد بھائی نہیں ہے۔

جناب والا! میں عراقی عوام کو سلام پیش کرتا ہوں اور ملائشیا کے صدر کو بھی salute کرتا ہوں کہ اس نے ایک احتجاجی جلسے کی قیادت کرکے امریکہ کو یہ بتا دیا کہ ہم آپ کو کبھی تسلیم نہیں کریں گے۔ ہم آزاد ہیں اور آزاد رہیں گے۔ جناب والا! میں یہاں پہلی دفعہ نہیں آیا ہوں، پہلے بھی ڈھائی سال سینیٹر رہا ہوں۔ گوہر ایوب صاحب وزیر خارجہ تھے۔ انہوں نے ایک statement امریکہ کے خلاف دی تو نواز شریف صاحب کو امریکہ کے سفیر نے بلایا اور کہا کہ گوہر ایوب صاحب سے کہیں کہ وہ اس کی تردید کریں۔ گوہر ایوب صاحب پشتو speaking تھے۔ انہوں نے کہا کہ اگر میں وزیر خارجہ ہوں تو پاکستان کا ہوں، امریکہ کا نہیں ہوں۔ سفیر نے کہا کہ میں نہیں چاہتا گوہر ایوب صاحب وزیر خارجہ رہیں، within one week انہیں ہٹایا جائے۔ یہی ہوا جناب، سرتاج عزیز کو فنانس منسٹری سے تبدیل کرکے وزیر خارجہ بنایا گیا۔میں لندن میں تھا۔ میں نے گوہر ایوب کو دیکھا، وہ روڈ پر گھوم رہے تھے۔ میں نے کہا کہ گوہر ایوب صاحب کدھر؟ کہتے ہیں کہ چھوڑیں، جی یہ کوئی حکومت ہے۔میں ناراض ہو کر لندن آیا ہوں۔جناب، ہمارے وزیر خزانہ این۔ او۔ سی امریکہ سے لیتے ہیں۔ ہمارے وزیر خارجہ کے لیے این او سی امریکی سفیر دیتا ہے تو ہماری آزادی کہاں گئی۔سب سے پہلے اس ملک کو آزادی دو، پھر بات کرو۔ ہم آج تک غلام ہیں۔ہماری کوئی آزادی نہیں ہے۔ امریکہ کہتا ہے کہ عراق کے سفارتخانے کو بند کرو۔ کیوں بند کریں۔پاکستان کہتا ہے کہ میں سوچ رہا ہوں اور اس نے عراق کو لکھا ہے کہ آپ جلدی اپنے سفارتخانے کو بند کریں۔ یہاں ہم بحث کر رہے ہیں کہ پاکستان امریکہ کی مذمت کرے۔میں آپ کو کہتا ہوں کہ فوری طور پر امریکی سفیر کو امریکہ بھیجا جائے۔اس کی یہاں کوئی گنجائش نہیں ہے۔یہ اسلامی ملک ہے اور ہمارے عوام حکمرانوں کی پالیسی کے خلاف ہیں۔

آپ نے لاہور میں ملین مارچ دیکھا، آپ نے پنڈی کے ملین مارچ کو دیکھا اور پشاور کے ملین مارچ کو دیکھا۔ آج کوئٹہ میں ملین مارچ ہو رہا ہے۔اگر عوام حکمرانوں کی پالیسی کے حامی

ہوتے تو ملین مارچ میں اتنی تعداد میں لوگ ہمارے ساتھ نہیں آتے، یہ سب کو کرنا چاہیئے تھا لیکن ایم ایم اے پوری قوم کی نمائندگی کر رہی ہے۔ اس نے امریکہ کو یہ ثابت کرکے دکھایا ہے کہ ملین مارچ کی تعداد کو دیکھیں: آپ کو یہ معلوم ہوگا کہ عوام آپ کے ساتھ ہیں یا آپ کے خلاف ہیں۔ جناب میں قسم سے کہتا ہوں: آپ اس chair پر بیٹھے ہوئے ہیں۔ آپ کے چہرے اور ہیں اور اندر سے یہ جذبات ہیں کہ آپ بھی امریکہ کے خلاف ہیں۔ ہمارا وزیر اعظم بھی امریکہ کی بربریت اور ظلم کے خلاف ہے لیکن جو کوئی جرأت رکھتا ہے وہ تو بولے۔ میں اس لیے کہتا ہوں -----

**جناب چیئرمین:** حکومت نے اپنی پالیسی تو بتائی ہے اور وہ publish بھی ہوئی ہے۔

**ڈاکٹر محمد اسمٰعیل بلیدی:** میں کہتا ہوں کہ میری خشک روٹی، آزاد رہ کر، تیرے خوف و ذلت کے حلووں سے بہتر ہے۔ ہمیں امریکہ کا قرضہ نہیں چاہیئے۔ ہم پیٹ پر پتھر باندھیں گے لیکن آزادی مانگیں گے۔ ہمیں وہ پیسے جو ہماری آزادی کو ختم کریں نہیں چاہیئیں۔ ہم بھوک سے مریں گے لیکن اپنے ملک کی آزادی کو برقرار رکھیں گے۔ حکمرانوں نے یہ مذاق سمجھا ہے۔ اگر حکمرانوں نے اپنی روش تبدیل نہیں کی تو یہ ۱۴ کروڑ عوام ان کو مجبور کریں گے کہ وہ عوام کا ساتھ دیں۔ ہمارے وزیر داخلہ صاحب نے فرمایا کہ میں law and order برقرار رکھنے میں فیل ہو چکا ہوں۔ وہ بیچارہ بڑے عاجزانہ طریقے سے request کر رہا تھا کہ آپ ہماری رہبری فرمائیں۔ خدا کے لئے ہم بے بس ہیں۔ میں جناب آپ سے یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ who is powerful man in Pakistan کیا وزیر خارجہ کے پاس اختیارات ہیں۔ وزیر داخلہ کے پاس اختیارات ہیں۔ آپ کے پرائم منسٹر صاحب کے پاس اختیارات ہیں۔ آپ کے صدر کے پاس ہیں، یہ اختیارات کس جگہ ہیں وہ جگہ بتائیں۔ ان اختیارات کو استعمال کرنے کا کون مجاز ہے۔ وہ Washington ہے۔ خدا کرے ہمارے فیصلے یہاں ہوں۔

وزیر داخلہ کو میں کہتا ہوں کہ آپ کے پاس جو سالانہ اخراجات ہیں، پولیس ہے، رینجرز ہیں، ایف سی ہے اور تمام فورسز ہیں، جب گیس پائپ لائن پر وہاں سے واردات ہوتی ہے تو آپ

جا کر ہاتھ جوڑتے ہیں کہ خدا کے لئے ایسا نہ کریں۔ آپ کی فورسز کہاں گئیں۔میں ان کو مشورہ دیتا ہوں۔ اگر وہ ایک سال کے لئے law and order کا subject ہمارے سپرد کریں، ہم ٹھیکے پر لے لیں گے اور ہم 50% اخراجات ان کو refund کر دیں گے۔

جناب چیئرمین: بلیدی صاحب! عراق کے اوپر بات کریں، اور بھی سپیکرز نے بولنا ہے۔

ڈاکٹر محمد اسمٰعیل بلیدی: اس لئے میں جناب چیئرمین! عرض کر رہا ہوں کہ عراق کے لئے ہم نے کیا کیا ہے؟ ہمیں چاہیئے کہ ہم فوری طور پر ان کو فوجی امداد دیں جبکہ امریکہ کو اسرائیل اور برطانیہ وغیرہ امداد دے رہے ہیں۔ ہمیں یہ حق پہنچتا ہے کہ بحیثیت مسلمان ہم فوجی اور افرادی قوت فراہم کریں کیونکہ ہم اپنے لئے ایک حفاظتی بند باندھ رہے ہیں۔ جو جنگ ابھی عراق لڑ رہا ہے وہ کل ہمارے پاس آنے والی ہے۔ میں کہتا ہوں کہ اگر آج بھی مسلم امہ نے ہوش کے ناخن نہ لئے اور اکٹھے اور متحد نہ ہوئے تو یہ ان کے حق میں برا ہو گا۔ اور میرا مشورہ ہے کہ تمام مسلم ممالک اپنے تجارتی، اقتصادی اور سیاسی معاملات پر امریکہ کا بائیکاٹ کریں اور ہماری سینیٹ اور قومی اسمبلی کا ایک مشترکہ وفد فرانس، چین، روس اور تمام اسلامی ممالک کا دورہ کرکے سب کو اکٹھا کرکے امریکہ کے خلاف ایک بلاک بنائے۔ اس طرح امریکہ کو پتا چلے گا کہ وہ دنیا کا بے تاج بادشاہ نہیں ہے اور وہ من مانی نہیں کرسکے گا۔ ہم اس کی اس کو اجازت نہیں دیں گے۔

جناب! میں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ اقوام متحدہ، سلامتی کونسل اور دوسرے ادارے خاموش کیوں ہیں؟ امریکہ کو بتائیں کہ آپ نے پوری دنیا کو چیلنج کیا ہے۔ ایک ننگی جارحیت اور بربریت کا مظاہرہ کرتے ہوئے غریب عوام، بوڑھوں، بچوں اور معصوموں پر بمباری کر رہے ہیں۔ میں کہتا ہوں کہ جس طرح روس کو شکست فاش ہوئی۔ جب افغانستان کا معاملہ ہوا تو اس وقت پاکستان کے صدر کو بش صاحب نے رات تین بجے فون کیا۔ ہمارے صدر صاحب نے اس کا فون سنا۔ بش صاحب نے کہا کہ مجھے پاکستان کے ایئرپورٹس چاہیئیں۔ انہوں نے اسی وقت بغیر سوچے سمجھے اور مشورہ کئے کہہ دیا۔ Yes sir. آپ کم از کم دو دن کا وقت لیتے۔ تمام

پارٹیوں کو بلاتے، قوم سے مشورہ کرتے کہ کیا کروں۔ اگر انہوں نے افغانستان پر ایسی بمباری کی ہے تو کل آپ کی باری آئے گی۔ یہ ناکام خارجہ پالیسی کی وجہ سے ہوا ہے۔ واشنگٹن میں رجسٹریشن کے مسئلے پر پاکستانیوں کے ساتھ امریکیوں نے کیا سلوک کیا؟ اور کتنے لوگ انہوں نے گرفتار کئے؟ اٹلی میں ہمارے کتنے لوگوں کو گرفتار کیا۔ ہمارے لوگ جب امریکی ایئرپورٹ پر جاتے ہیں تو ان کے جوتے اتروائے جاتے ہیں کہ ہم چیک کریں گے۔ راشد قریشی جب امریکہ گیا تھا تو اس کے جوتے اتروائے گئے کہ ہم چیک کرنا چاہتے ہیں۔ اس کو چیک کیا گیا۔

جناب چیئرمین: مہربانی کرکے عراق کے بارے میں بات کریں اور لوگوں نے بھی بولنا ہے۔

ڈاکٹر محمد اسمٰعیل بلیدی: جناب والا! میری تجویز یہ ہے کہ فی الفور سینٹ اور قومی اسمبلی کی مشترکہ کمیٹی تشکیل دی جائے اور اسے تمام مسلم ممالک کا دورہ کرنا چاہیے۔ تمام مسلم ممالک کو ایک پلیٹ فارم پر اکٹھا کیا جائے۔ پاکستان اس کی leadership کرے۔ چونکہ ہمارے پاس ایٹمی قوت ہے۔ میں حیران ہوں کہ ایٹمی قوت قوم اور ملک کی حفاظت کرتی ہے لیکن اس وقت situation یہ ہے کہ ہم اس ایٹمی قوت کی حفاظت کر رہے ہیں۔ معاملہ الٹا ہے۔ چاہئیے تو یہ تھا کہ وہ ہماری حفاظت کرے ہم الٹا اس کی حفاظت کر رہے ہیں۔ مصیبت یہ ہے کہ ہم ایٹمی قوت ہیں اور کوشش یہ کرتے ہیں کہ ہتھیار چھپائے جائیں تاکہ امریکہ کو نظر نہ آئیں۔ ہمیں چاہیے کہ تمام مسلم ممالک کو کہیں جس میں سعودی عرب، عراق، کویت، شام اور دوسرے سب مسلم ممالک کو کہ آپ اکٹھے ہو جائیں اور ایک بلاک بنائیں چین اور روس کو ملا کر امریکہ کے خلاف اور امریکہ کو بتا دیں کہ آپ جو پوری دنیا پر مسلط ہونا چاہتے ہیں، ہم اس کی کبھی اجازت نہیں دیں گے۔

دوسری بات یہ ہے کہ ہمیں بازار میں ایک جگہ کیمپ لگانا چاہیئے اور ہم اس کے لئے امداد جمع کریں، ادویات جمع کریں اور عراق بھیجیں۔ تیسری بات یہ ہے تمام ممبران پارلیمنٹ امریکی سفارتخانے تک walk کریں اور اظہار ناراضگی کے لئے ان کو احتجاجی مراسلہ دینا چاہیئے کہ ہم

اس کے خلاف ہیں۔ ایک اور بات کہ پاکستانی حکومت فوری طور پر امریکی سفارتخانہ بند کرے۔ اور پارلیمنٹ کا مشترکہ اجلاس بلا کر ایک resolution پاس کرے اور ہم ان کو بتا دیں کہ یہ پوری قوم، سینیٹ اور قومی اسمبلی سب کا مشترکہ فیصلہ ہے۔

جناب چیئرمین! میں آخر میں عراق کے عوام کو سیلوٹ کرتا ہوں اور پوری قوم کو سینٹ کے توسط سے یہ پیغام دینا چاہتا ہوں کہ ملین مارچ کے دوران آپ نے جو امریکہ کے خلاف اظہار ناراضگی کیا ہے میں ان کا مشکور ہوں اور انشاء اللہ تعالےٰ پاکستان کے چودہ کروڑ عوام اور پوری قوم عراق کے عوام کے ساتھ ہے۔ آپ کا بہت بہت شکریہ۔

جناب چیئرمین: شکریہ جی، میں معزز اراکین سے عرض کروں گا کہ مہربانی کرکے to the point رہیں جو باتیں کہی جا چکی ہیں ان کو دہرانے سے گریز کریں اور مختصر رہیں تاکہ زیادہ سے زیادہ لوگوں کو موقع ملے کیونکہ جو لوگ رہ گئے ہیں وہ بے چین ہو رہے ہیں اور مجھے گھڑی گھڑی کہتے رہے ہیں۔ مولانا راحت حسین صاحب۔

مولانا راحت حسین: نحمده و نصلی علی رسوله الکریم، اما بعد اعوذ باللہ من الشیطن الرجیم، بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ جناب چیئرمین! میں سب سے پہلے آپ کو چیئرمین سینیٹ کی نشست سنبھالنے اور جناب کمانڈر خلیل الرحمان کو نائب چیئرمین کی نشست سنبھالنے پر دل کی اتھاہ گہرائیوں سے مبارکباد پیش کرتا ہوں اور ہم حزب اختلاف سے تعلق رکھنے والے اراکین سینیٹ سے یہ توقع رکھتے ہیں کہ آپ اپنی سیاسی وابستگی سے قطع نظر اس معزز ایوان اور اس کے اراکین کے تقدس کو پامال نہیں ہونے دیں گے اور اس معزز ایوان کے اندر ایک ایسے انداز کو فروغ دیں گے جہاں ہر معزز رکن سینیٹ ملک و قوم کے وسیع تر مفاد میں اپنا مافی الضمیر بیان کر سکے۔

جناب چیئرمین! مجھ سے پہلے اس ایوان کے اندر معزز اراکین سینیٹ نے اپنی سیاسی وابستگیوں سے قطع نظر عراق کے مسئلے پر مظلوم عراقی عوام کے ساتھ یکجہتی کا اظہار کیا ہے میں ان سب اراکین کو خراج تحسین پیش کرتا ہوں۔ جناب والا! اس وقت عالمی سامراجی قوتیں اپنی پوری قوت سے عالم اسلام پر حملہ آور ہو رہی ہیں اور ان صیہونی قوتوں نے سب سے پہلے

افغانستان کے اندر ہزاروں بے گناہوں کو شہید کیا ہزاروں کی تعداد میں بچے یتیم کئے گئے اور لاکھوں کی تعداد میں لوگوں کو ہجرت کرنے پر مجبور کیا گیا۔ جناب والا! افغانستان میں طالبان اور القاعدہ کے خاتمے کے نام پر تورا بورا اور اس کے مضافات میں کارپٹ بم برسائے گئے اور امریکی غنڈے انہی علاقوں میں ائرپورٹ بنا رہے ہیں یہ ان کی ایک مکمل منصوبہ بندی ہے اور نام نہاد انسانی حقوق کے علمبرداروں کو وہاں کے غریب اور بےکس عوام سے کوئی سرو کار نہیں ہے۔ ان کو افغانستان کے قدرتی وسائل پر اور معدنیات کے ذخائر کے، ساتھ ساتھ وسط ایشیاء تک رسائی مقصود تھی، جس میں وہ کامیاب ہوئے۔

جناب والا! افغانستان کے بعد اب یہ قوتیں عراق پر حملہ آور ہیں اور اخباری اطلاعات کے مطابق ان دنوں جو حملے ہوئے ہیں، ان میں ہزاروں بم برسائے گئے، جس کے نتیجے میں سینکڑوں اور ہزاروں عراقی عوام، بچے، بوڑھے، شہید کئے گئے ہیں جبکہ اس سے کئی گنا زیادہ زخمی ہوئے ہیں۔ عراق میں امریکی اور اس کے اتحادی، عراق کے عوام کی بقاء کی نہیں بلکہ اپنے مذموم عزائم کی تکمیل کے لئے جنگ لڑ رہے ہیں۔

جناب چیئرمین! قرآنی تعلیمات کی روشنی میں ان یہود و ہنود کا یہ تصور اور عقیدہ ہے کہ چودہ سو سال قبل جناب محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمارے آباؤ اجداد کو اس وطن، اس حجاز مقدس اور جزیرۃ العرب سے نکالا تھا، ہم اس سرزمین کو واپس لینا چاہتے ہیں۔ اس کے لئے وہ حرمین کی طرف بڑھ رہے ہیں اور بیت المقدس کے تقدس کو پامال کیا جا رہا ہے، اس کی بے عزتی کی جا رہی ہے۔

جناب چیئرمین! ان کا منصوبہ مقامات مقدسہ کو مسلمانوں سے واپس لینا ہے اور اگر میں یہ کہوں کہ یہ عالم انسانیت کی جنگ ہے تو یہ صحیح بات ہے کہ یہ انسانیت کی جنگ ہے کیونکہ وہاں کتے نہیں لڑ رہے لیکن اگر میں یہ کہوں کہ مسلمانوں اور کفر کے درمیان ایک معرکہ ہے، اور پھر اسلام صرف اقتصادیات یا صرف عبادات کا نام نہیں بلکہ اسلام ایک مکمل ضابطہ حیات ہے۔ اس میں سارا سسٹم موجود ہے۔ اگر مسلمانوں کی اقتصادیات پر اور اس کی معیشت پر کوئی قبضہ کرے تو یہ بھی اسلام کے خلاف ایک کارروائی ہے۔ اس واسطے بھی ہم اس کو اسلام اور کفر کی جنگ تصور کرتے ہیں۔

جناب چیئرمین! متحدہ مجلس عمل کے اکابرین اور اپوزیشن کی یہ پیشن گوئی سچ ثابت ہوئی کہ ہمارے حکمران عقل و ہوش کے ناخن لیں اور داخلی اور خارجہ پالیسیوں پر نظر ثانی کریں۔ ایک آزاد اور خود مختار ایٹمی قوت ہونے کے ناتے یہ ہمارا حق بنتا ہے کہ ہم اپنی پالیسیاں خود ترتیب دیں۔ دو دن قبل امریکہ کی جانب سے کے آر ایل لیبارٹریز پر دو سال کے لئے پابندی کے اطلاق سے ہماری آنکھیں کھل جانی چاہئیں۔ ان آستین کے سانپوں سے ہمیں ہوشیار رہنا چاہیئے۔

جناب چیئرمین! اب پاکستان کی باری کی طرف اشارے کئے جا رہے ہیں لیکن ہم ان قوتوں کو انشاء اللہ شکست دیں گے اور ایمانی قوت کے ذریعے امریکہ کو یہ موقع نہیں دیں گے یا کسی اور دشمن کو بھی کہ وہ پاکستان کا مقابلہ کرے۔ باری آئے یا نہ آئے قرآنی تعلیمات یہ ہیں کہ رب العالمین کا ارشاد ہے کہ کفر کے خلاف جتنی بھی آپ کے پاس قوت ہے، اس کو جمع کرو اور کفر کے خلاف اکٹھے ہو جاؤ اور طاقت جمع کرو۔

جناب چیئرمین! ان حالات میں ہمیں اپنے رویوں میں مثبت تبدیلیاں لانا ہوں گی اور جتنے بھی باہمی اختلافات کی وجوہ ہیں، ان کو ملک و قوم کے وسیع تر مفاد میں، باہمی مشاورت سے، مل بیٹھ کر حل کرنا ہوں گے۔ جناب چیئرمین! یہ ہمارے لئے موت اور حیات کا مسئلہ ہے کہ عالم اسلام اور مسلمانوں پر ظلم ڈھائے جا رہے ہیں اور ہم یہاں صرف بحث و مباحثے میں لگے رہیں۔ وہاں عراق کا بیڑا غرق ہو جائے گا، وہاں مسلمانوں کا بیڑا غرق ہو جائے گا۔ چاہیئے تو یہ ہم اکٹھے ایک آواز ہو کر ان roads پر مارچ کریں، اقوام متحدہ کے دفتر کے سامنے جائیں، ہمارے ساتھ ہمارے وزراء بھی ہوں، حکومتی ارکان بھی ہوں اور ہمارے سارے اپوزیشن کے ارکان بھی ہوں۔ ہم اس کو بتا دیں کہ مسلمانوں پر جو ظلم ہو رہا ہے اس کو بند ہونا چاہیئے اور ہمیں متحد ہو کر اس کا مقابلہ کرنا چاہیئے۔ پشتو کا ایک شعر ہے:

ترخوچه وانخلی مشعود اجتماعی غیرت

سوزی به جونگڑے بنگله وال به تحاشی کوے

لہذا ہمیں متحد ہونا چاہیے اور ہم متحد ہو کر ہی ان حالات کا مقابلہ کریں۔

افغانستان میں عالم اسلام کے جو مجاہد جمع ہوئے تھے، ان پر بم برسائے گئے اور یہ لوگ

اپنے لئے خود خطرہ محسوس کر رہے تھے۔ مسلمانوں کو نیست و نابود کیا گیا ہے اور آج وہ دنیا کے کونے کونے میں راسخ العقیدہ مسلمانوں کو تلاش کر رہے ہیں' ان کے خلاف کارروائی کی جا رہی ہے۔

جناب چیئرمین! عراق کا مسئلہ ہے اہم مسئلہ ہے اور پھر یہ جزیرۃ العرب پیغمبر علیہ السلام نے فرمایا ہے:

اخرجوا لیہود و النصراء من جزیرۃ العرب

ترجمہ: یہود اور نصاریٰ کو جزیرۃ العرب سے نکالیں۔

یہ امر ہے پیغمبر علیہ السلام کا امر ہے۔ یہ ہماری اپنی بنائی ہوئی حدیث نہیں ہے۔ یہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ السلام کا ارشاد مبارک ہے۔ جس میں امر ہے اور امر وجود کے لئے ہے۔ یہ سارے مسلمانوں کے لئے ہے۔ پیغمبر علیہ السلام نے فرمایا اخرجوا لیہود و النصراء من جزیرۃ العرب اور اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے۔

ترجمہ: اے ایمان والو! آپ یہود و نصاریٰ کو دوست اور رازدار بھی نہ بناؤ ۔ کس لئے مت بناؤ اللہ رب العالمین نے وجہ بھی بتائی۔

ترجمہ: وہ آپ کی بے عزتی چاہتے ہیں۔ آپ کی کامیابی نہیں چاہتے۔ اس میں کمی نہیں کرتے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم بے عزت ہوجائیں۔ وہ آپ کی ذلت میں اور آپ کی رسوائی میں آگے آگے ہیں۔ رب العالمین کا ارشاد ہے۔

ترجمہ: آپ کی بے عزتی چاہتے ہیں۔ اور ان کے دلوں میں مسلمانوں سے بغض اور حسد اور کینہ ہے اور اللہ رب العالمین کا ارشاد ہے۔

ترجمہ: اگر مسلمان معاشرہ خوشحال ہو' اگر مسلمان معاشرہ عزت پر ہو' اگر مسلمان معاشرے میں خوشحالی ہو تو یہ یہود اور نصاریٰ اس کو برداشت نہیں کرتے۔ اس پر خفا ہوجاتے ہیں۔

ترجمہ: اور جب آپ کے اندر مایوسی ہو' بدحالی ہو' خستہ حالی ہو' تو یہ یہود اور نصاریٰ اس پر خوش ہوجاتے ہیں اور اللہ رب العالمین کا ارشاد ہے۔

ترجمہ: مسلمانوں کی صفت یہ ہے کہ وہ ساری آسمانی کتابوں پر ایمان رکھتے ہیں۔ لیکن

یہود و نصاریٰ قرآن کریم کو نہیں مانتے۔ جناب محمد الرسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو نہیں مانتے اور اتنا بغض ہے یہود میں کہ اپنے بیٹے کا نام بھی محمد، احمد، محمود نہیں رکھتے اور ہم عیسیٰ بھی رکھتے ہیں، موسیٰ بھی رکھتے ہیں۔ اس طرح ہم انجیل پر بھی ایمان رکھتے ہیں اور ہمارا یہ عقیدہ ہے کہ جو کوئی محمد صلی اللہ علیہ وسلم کا احترام کرے لیکن حضرت عیسیٰ کی شان میں گستاخی کرے، تو اس کے ساتھ ہماری کوئی نرمی نہیں ہے۔ اس کو ہم کافر تسلیم کرتے ہیں۔ اگر موسیٰ علیہ السلام کی شان میں گستاخی کرے تو وہ بھی مسلمان نہیں رہتا۔ ہم سارے انبیاء علیہ السلام پر یقین رکھتے ہیں کہ وہ اللہ رب العالمین کے سچے نبی تھے۔

جناب! قرآنی تعلیمات کے حوالے سے ہم پر یہ فرض بنتا ہے کہ ہم سب مسلمان اکٹھے ہو کر، متحد ہو کر، کفر کا مقابلہ کریں اور اس ظالم اور جابر سے نجات حاصل کریں۔ میں یہ بھی کہوں گا کہ اسلامی state میں کافر رہ سکتے ہیں، لیکن ظالم نہیں رہ سکتا۔ حضرت شاہ ولی اللہ رحمۃ اللہ علیہ، مولانا عبید اللہ سندھی کا ایک قول ہے، (ترجمہ: دنیا کے تمام استحصالی نظاموں کو قرآنی، انقلابی عمل کے ذریعے مٹا ڈالو) اور قرآن ظلم کو کبھی برداشت نہیں کر سکتا۔ قرآن کریم ہر ظلم کا انکار کرتا ہے۔ لہذا ہمیں چاہیئے کہ ہم متحد ہو کر اس باؤلے کتے کو، اس ظالم اور جابر کو روکیں اور اس کے مقابلے میں آ جائیں۔ علامہ اقبال کا ایک شعر ہے:

هنوز این چرخ نیلی کج خرام است، هنوز این قافله دور از مقام است

ز کار بے نظام او چه گویم که ملت بے امام است

والسلام۔

**جناب چیئرمین:** جناب ظفر اقبال چوہدری۔

**جناب ظفر اقبال چوہدری:** جناب چیئرمین! شکریہ۔ آپ نے مجھے اس اہم موضوع پر بات کرنے کا موقع فراہم کیا۔ سب سے پہلے میں خراج تحسین پیش کرتا ہوں اپنے اپوزیشن اور حکومتی بینچوں کو کہ انہوں نے اس بات کی اہمیت کو جانا کہ ہمارا مطمع نظر ایک ہی ہے اور ہم ایک ہی بات کہنا چاہتے ہیں تو پھر علیحدہ علیحدہ آواز لگانے کی بجائے ہم کیوں نہ ایک آواز ہو کر ایک بات کریں۔ ہماری یہ بات نہ صرف اقوام عالم تک بجا طور پر سنائی دے بلکہ اس کے کچھ

اثرات بھی مرتب ہوں اور قوم کا بھی ایک ہی نکتے پر متحد ہونے کا مظاہرہ بھی ہو۔

ابھی پچھلے ہی دنوں قومی اسمبلی کا اجلاس دو مرتبہ طلب کیا گیا۔ دونوں مرتبہ عراق ایشو پر بحث کے لئے وہ اجلاس طلب کیا گیا لیکن میں یہ بات افسوس کے ساتھ کہوں گا کہ ہمارے اپوزیشن کے بھائیوں نے LFO کی نذر کر دیا۔ اب سینیٹ کے اس اجلاس میں انشاء اللہ تعالیٰ ہم امید کرتے ہیں کہ ایک consensus سامنے آئے گا اور ایک مشترکہ لائحہ عمل اور resolution ضرور approve ہو گا۔ اس سلسلہ میں ' میں یہ بات بھی واضح طور پر کہوں گا کہ یہ کوئی تہذیبوں کا clash نہیں ہے بلکہ اس ظلم' بربریت اور جارحیت کے خلاف پوری دنیا ایک ہو چکی ہے۔ So much so امریکہ اور برطانیہ جن کی حکومتیں اس جنگ میں directly involve ہیں' وہاں کے عوام بھی اس ظلم اور زیادتی کے خلاف ہیں۔ اس کی ایک میں چھوٹی سی مثال ایسے دوں گا کہ امریکہ کی سپریم کورٹ کی ایک جج روزانہ صبح اٹھ کر وائٹ ہاؤس فون کر کے اس جنگ کے خلاف اپنا احتجاج ریکارڈ کرواتی ہے۔ اس طرح برطانیہ میں بھی جو کچھ ہوا اور وہاں کے عوام نے خصوصاً اتنے بڑے بڑے processions کئے؛ اس کی مثال اس سے پہلے برطانیہ کی تاریخ میں نہیں ملتی۔ امریکہ کے اپنے ہمسایہ ممالک کینیڈا؛ میکسیکو کے عوام اور وہاں کی حکومتوں نے بھی اس ظلم کے خلاف آواز بلند کی ہے۔ یہاں تک کہ پوپ نے بھی اس جنگ کو ظلم قرار دیا ہے۔ .We are the Muslim Ummah حدیث پاک ہے کہ تمام مسلمان ایک جسم اور ایک جان کی طرح ہیں' اگر جسم کے کسی بھی حصے کو کوئی تکلیف یا عذر ہو تو اس کا درد تمام جسم میں محسوس ہو گا۔ بحیثیت مسلمان ہم اس درد اور تکلیف کو محسوس کرتے ہیں جو کہ عراقی عوام کو پہنچ رہی ہے' ہم اس دکھ اور درد میں برابر کے شریک ہیں ۔ ظالم کی حالت کو دیکھیں کہ وہ جنگ کے لئے ابتدائی طور پر اپنی سینیٹ اور اپنی کانگرس سے 75 بلین ڈالر اور تمام جنگ کے لئے more than 350 billion dollar demand کرتا ہے اور جب اس سے سوال ہوتا ہے کہ آپ کے پاس reconstruction of Iraq کے لئے کوئی پروگرام ہے تو وہ صرف 7 بلین کی بات کرتا ہے۔ اس کے علاوہ پہلے وہ یہ کہتے تھے کہ ہم UN کے تعاون اور مدد سے اور عراقی عوام کو شامل کر کے وہاں حکومت بنائیں گے لیکن پچھلے دنوں کولن پاول صاحب نے بیان دیا ہے کہ عراق میں حکومت صرف اور صرف تُومی فرینکس کی ہو گی۔ جو کچھ

ان کے ذہنوں کے اندر ہے وہ اب پوری دنیا پر ظاہر ہو رہا ہے۔ اس سے پہلے امریکہ آزادی کی تحریکوں کے حوالے سے ، انسانی حقوق کے حوالے سے جو respect enjoy کرتا تھا ، اب اپنی انہی حرکتوں کی وجہ سے وہ respect کھو چکا ہے۔

جناب چیئرمین! یہ بھی بجا ہے کہ UN نے اپنا کردار ادا نہیں کیا ہے ، جس کی کہ اس سے توقع کی جا رہی تھی ۔ لیکن میں یہ بھی کہوں گا کہ اس نے جنگل کے اس قانون کو ماننے سے انکار ضرور کیا ہے۔ اب اگر امریکہ اور برطانیہ اکیلے نظر آتے ہیں تو دوسری طرف پوری UN برادری ایک طرف نظر آتی ہے۔ اس معاملے میں حکومت پاکستان نے بھی عوام کی توقعات کے مطابق اپنا موقف اپنایا ہے۔ حکومت پاکستان نے شروع میں ہی امریکہ پر یہ واضح کر دیا تھا کہ ہم اس جنگ میں اس کے ساتھی یا حمایتی نہیں ہو سکتے اور وزیراعظم پاکستان نے امریکہ کے سرکاری دورے کو منسوخ کر کے چین جانے کو ترجیح دی اور وہاں جا کر بھی یہ اصولی موقف اپنایا کہ پاکستان چین کی مدد اور تعاون سے UNO میں امن کے لئے اپنا کردار ادا کرے گا اور ان حالات کو دیکھتے ہوئے جناب صدر مشرف صاحب نے بھی روس کے ساتھ اپنے تعلقات کو مضبوط کرنے کے لئے وہاں کا دورہ کیا۔ پاکستان انشاء اللہ تعالیٰ مضبوط ہاتھوں میں ہے اور اس کا موقف پوری دنیا اور عالم اسلام کے سامنے ہے۔ ہم نے moral support کے ذریعے اس بند کو مضبوط کرنا ہے جو عراقی عوام نے اس جارحیت اور اس ظلم کے خلاف باندھ رکھا ہے۔ ہماری خداوند کریم سے یہ دعا ہے کہ وہ عراقی عوام کو حوصلہ اور ہمت عطا فرمائے اور ان کی حفاظت کرے اور دنیا میں جو اس ظلم اور بربریت کے خلاف آواز بلند ہو رہی ہے اس آواز کو مزید بلند اور مضبوط کرے۔

جناب چیئرمین! آخر میں صرف ان ہی چھوٹے سے الفاظ کے ساتھ کہ :

"This war started in the 3rd week of the 3rd month of the 3rd year of the century. Is this a 3rd World War?" Thank you Mr. Chairman.

**Mr. Chairman:** Thank you.

**جناب فرحت اللہ بابر :** جناب ابھی یہاں ایک نقطہ اٹھایا گیا کہ افسوس ہے کہ

opposition کے بھائیوں نے قومی اسمبلی میں عراق کے موضوع پر اجلاس کو LFO کی نذر کر دیا۔ میں صرف یہ وضاحت کرنا چاہتا ہوں کہ وہ اجلاس اس لئے نہیں ہوسکا کہ خود حکومت نے کورم کی نشان دہی کر کے اجلاس ختم کر دیا ۔ یہ اپوزیشن کی وجہ سے ختم نہیں ہوا ، یہ حکومت کی وجہ سے ختم ہوا ، شکریہ۔

**جناب چیئرمین،نواب محمد ایاز خان جوگیزئی صاحب۔**

**نواب محمد ایاز خان جوگیزئی:** بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ سب سے پہلے جناب چیئرمین! میں اپنے دل کی گہرائیوں سے آپ کو اور کمانڈر خلیل الرحمن صاحب کو مبارک باد پیش کرتا ہوں۔ جناب چیئرمین! آج جس موضوع پہ ہم بات کر رہے ہیں ساتھیوں نے بڑی تفصیل سے اس پر بات کی اور ہماری پارٹی کی طرف سے ہمارے ساتھی رضا محمد نے بڑی تفصیل سے پارٹی پالیسی کو بیان کیا۔ جناب چیئرمین! 9/11 کے حادثے کے بعد امریکہ نے جو ایک راگ الاپنا شروع کیا کہ war against terror جناب چیئرمین ! This war is not against terror. This is only a war. یہ war of economics ہے۔ امریکہ چاہتا ہے کہ وہ اپنا اثرو رسوخ پورے ایشیاء پر مسلط کرے اور یہاں کے وسائل پر قبضہ کرے کیونکہ ہمارے علاقے، آپ Middle East لیں یا Central Asia یہاں پر سارے oil کے deposits ہیں۔ جس پر امریکہ کی نظر ہے۔ اور 9/11 کے واقعے کے بعد امریکہ کو یہ موقع ملا کہ وہ اپنا بدلہ لے، اپنی عوام کو مطمئن کرے اور اپنی معیشت کو مستحکم کرے ۔ انہوں نے سب سے پہلے افغانستان کو نشانہ بنایا۔ جناب چیئرمین! یہاں پر اکثر ساتھی بات کرتے ہیں۔ افغانستان کا مسئلہ، عراق سے کہیں نہ کہیں جا کے ملتا ہے۔ تو کبھی وہ افغانستان پر بولتے ہیں یا پہلے عراق پر بات کر کے بعد میں افغانستان پر آ جاتے ہیں کیونکہ یہ related ہیں یہ دونوں مسئلے۔ افغانستان پر انہوں نے چڑھائی کی۔ میں تفصیلات میں نہیں جانا چاہتا ہوں۔ جس طریقے سے وہاں انہوں نے جنگل کا قانون مسلط کیا۔ جس طرح سے افغانوں پر آگ کے گولے برسائے گے۔ جس طرح سے انہوں نے وہاں پر جنیوا کنونشن کی violation کی۔ جس طریقے سے وہاں کے لوگوں کو قیدی بنا کر Guatemala میں قیدی رکھا۔ دوسری طرف وہ عراق میں کہتے ہیں کہ جنیوا کنونشن کی violation ہو رہی

ہے۔

جناب چیئرمین، آج عراق میں جو کچھ ہو رہا ہے یہ شام کے ساتھ ہوگا، ایران کے ساتھ ہوگا اور ہمارے ساتھ ہوگا۔ کیونکہ امریکن troops قندھار میں اس وقت پڑے ہیں۔ قندھار کے ائرپورٹ کو وہ جدید تر بنا رہے ہیں۔ عراق میں وہ گھس چکے ہیں۔ اگر ان کو یہ موقع ملا اور عراق میں انہوں نے اپنے قدم جمائے تو اگلا نشانہ ان کا ایران ہوگا۔ کیونکہ پہلے وہ ایران کو سینڈوچ کریں گے۔ کیونکہ وہ ایک طرف سے قندھار (افغانستان) کو استعمال کریں گے اور دوسری طرف سے وہ عراق کو استعمال کریں گے۔ بعد میں شام کی باری آئے گی، ادھر سے وہ اسرائیل کو استعمال کریں گے اور مشرق کی طرف سے عراق کو استعمال کریں گے۔ پھر ہماری باری آئے گی۔ ایک طرف سے واجپائی کو استعمال کریں گے اور دوسری طرف سے اسی قندھار کے ایئرپورٹ کو استعمال کریں گے۔ یعنی ایک ایک کو سینڈوچ کر کے کھاتے رہیں گے۔ تو میری گزارش یہ ہے کہ ایک طوفان اٹھ چکا ہے اس طوفان کا ہم نے مقابلہ کرنا ہے ابھی سے ہم نے اپنے آپ کو تیار رکھنا ہے، ابھی سے ہم نے اپنے حفاظتی بند کو مضبوط کرنا ہے۔ خدانخواستہ اگر آج بھی ہم نے غفلت کی تو ہمارا انجام بھی یہی ہوگا۔ جو آج عراق کا ہو رہا ہے۔ یہ سیلاب ہماری طرف آرہا ہے ہم اندرونی طور پر مطمئن نہیں ہیں۔ یہاں کی قومیں اس ملک میں مطمئن نہیں ہیں۔ اس پر زندگی رہی تو بعد میں باتیں ہوتی رہیں گی۔ ہم کیوں مطمئن نہیں ہیں میں دو اہم نکتے اٹھاتا ہوں۔ ہم اس لئے مطمئن نہیں ہیں بحیثیت پشتون کے کہ 1998 میں ایک مشترکہ قرارداد صوبہ پشتونخواہ کی پاس ہوئی اس وقت گورنمنٹ اے این پی اور مسلم لیگ کی تھی لیکن اس کو نہیں مانا گیا۔ ہم یہ سمجھتے ہیں کہ ہم اس ملک میں بحثیت ایک قوم کے وجود تو رکھتے ہیں لیکن اپنی پہچان نہیں رکھتے۔ اپنا نام نہیں ہے، ہمیں اپنے نام سے محروم رکھا گیا ہے۔

دوسری بات، جب ہر ایک گورنمنٹ آتی ہے تو یہ کہتے ہیں ماضی میں بلوچستان کے ساتھ بڑی زیادتیاں ہوئیں۔ آپ اگر پچھلا ریکارڈ دیکھیں تو اس ملک کے ہر سربراہ نے یہ کہا ہے کہ ماضی میں بلوچستان کے ساتھ بڑی زیادتیاں ہوئیں ہیں اب ہم اس کا ازالہ کریں گے۔ ان سربراہوں کو دو دو دفعہ موقع ملا لیکن انہوں نے کبھی بھی ہمارے صوبے کا ازالہ نہیں کیا۔ جناب چیئرمین، جب تک ہم داخلی طور پر متحد نہیں ہونگے ہم دشمن کا مقابلہ نہیں کرسکیں گے۔

جناب چیئرمین ! میں نہیں چاہتا کہ باتوں کو دوبارہ دہراؤں۔ وہاں عراق میں جنگ جاری ہے ۔ اس موضوع پر ہم بات کر رہے ہیں۔ یہ resolution جتنا جلدی ہو سکے آئے اور اسے اتفاق رائے سے منظور ہونا چاہئے تاکہ message جا سکے۔ میری ایک suggestion ہے کہ عراقی بھائیوں سے اظہار یکجہتی کے لئے جیسے کہ پچھلی جنگ میں ہماری پارٹی کی طرف سے ہم نے کم ازکم آٹھ ہزار بیگ خون کا عطیہ دیا، آج بھی ہم اس کے لئے تیار ہیں، میری یہ گزارش ہے کہ ہمارے سارے ممبر ایک ایک بیگ خون کا عطیہ عراقی بھائیوں کے لئے دے دیں تاکہ دنیا میں ایک اچھا message جائے کیونکہ ہمارا ان کے ساتھ دین کا رشتہ ہے، مذہب کا رشتہ ہے۔ بڑی مہربانی۔

جناب چیئرمین: شکریہ۔ مسز عابدہ سیف ایڈووکیٹ۔

مسز عابدہ سیف ایڈووکیٹ: جناب چیئرمین! اس ہاؤس میں موجود معزز اراکین پہلے ہی عراق کے مسئلے پر اپنے جذبات کا اظہار کر چکے ہیں۔ میں چاہوں گی کہ مختصر طور پر اپنے جذبات سے آپ کو آگاہ کروں۔ جناب چیئرمین ! ہماری تمام ہمدردیاں عراقی عوام کے ساتھ ہیں خاص طور پر بچوں، بوڑھوں اور عورتوں کے ساتھ ہیں۔ ہم یہ کبھی نہیں چاہیں گے کہ یہ لوگ جنگ کی تباہ کاریوں کا نشانہ بنیں۔ ہماری آج بھی یہ خواہش ہے کہ عراق کا مسئلہ UNO کی سکیورٹی کونسل کے ذریعے حل کیا جائے کیونکہ جنگ کبھی کسی مسئلے کا حل نہیں ہوتی۔ جنگ کی تباہ کاریوں سے نہ صرف وہ ملک متاثر ہوتا ہے جہاں جنگ ہو رہی ہوتی ہے بلکہ اس کے گردونواح کے ممالک بھی اس کا شکار ہوتے ہیں اور ان کی معیشت اور معاشرت دونوں پر برے اثرات مرتب ہوتے ہیں ۔ لہذا، بہتر یہی ہے کہ مسائل کو جنگ کی بجائے مذاکرات کے ذریعے حل کیا جائے۔ اب جبکہ جنگ کو شروع ہوئے دو ہفتے ہو چکے ہیں اور عراقی عوام کسمپرسی کی حالت میں زندگی گزار رہے ہیں تو اس صورت میں سکیورٹی کونسل کے ممبران کو چاہئے کہ وہ اپنے اختیارات کو استعمال کرتے ہوئے اس جنگ کو اسی مقام پر رکوا دیں تاکہ عراقی عوام مزید جنگ کی تباہ کاریوں کا نشانہ بننے سے بچ سکیں اور انہیں خوراک، پانی اور ادویات میسر آسکیں۔

جناب چیئرمین! جیسا کہ ثابت ہو چکا ہے کہ یہ وقت جذباتی نعروں اور ملین مارچز کا

نہیں بلکہ عملی اقدام کا وقت ہے کیونکہ ہم ان نعروں اورملین مارچز کے ذریعے اس جنگ کو نہیں روک سکتے۔ جیسا کہ آپ سب جانتے ہیں کہ پوری دنیا میں امن کے لئے بڑے بڑے جلوس اور مارچز ہوئے لیکن سب بے سود ثابت ہوئے ۔ لہٰذا ! اگر کوئی یہ کہتا ہے کہ ہم جذباتی نعروں اور ملین مارچز کے ذریعے اس جنگ کو روک لیں گے تو یہ ان کی خام خیالی ہے۔

جناب چیئرمین ! مجھ سے پہلے بھی اس خدشے کا اظہار کیا جا چکا ہے کہ عراق کے بعدکسی اور ملک کی باری ہے اور پاکستان کا نام دوسرے اور تیسرے نمبر پر لیا جا رہا ہے ۔ لہٰذا ! اس خدشے کے پیش نظر میں سمجھتی ہوں کہ یہ جنگ تیسری عالمی جنگ کی صورت نہ اختیار کر لے۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ یہ سوچا جائے کہ اس ہولناک خطرے سے کس طرح بچا جائے۔ جناب چیئرمین ! اگرچہ ہماری تمام ہمدردیاں مظلوم عراقی عوام کے ساتھ ہیں لیکن اس کے باوجود ہماری خواہش یہ بھی ہے کہ ہم اپنے ملک کے اندرونی استحکام ،معیشت اور سالمیت پر توجہ دیں۔ اپنے اندرونی اختلافات دور کریں ۔ صوبوں کو صوبائی خودمختاری دیں جوکہ وقت کی اہم ضرورت ہے ۔ چھوٹے صوبوں کی محرومیاں اور حق تلفیاں دور کریں تاکہ وہ اپنے دکھ درد بھولکر قومی یک جہتی اور ملکی استحکام پر زیادہ توجہ دے سکیں۔ کیونکہ اگر ہم متحد اور اندرونی طور پرمستحکم ہوں گے تو کسی بھی بیرونی دباؤ کا مقابلہ کرنے کے قابل ہوں گے لیکن اگر اندرونی خلفشار کا شکار رہے تو کسی بھی بیرونی دباؤ کو برداشت نہ کرسکیں گے ۔ لہذا ہمیں صرف اور صرف پاکستان کے استحکام اور سالمیت پر توجہ دینی چاہیے۔ تو کیوں نہ ہم آج اس ہاؤس میں اس بات کا فیصلہ کرلیں کہ ہم اپنے ملک کو اندرونی طور پر اتنا مستحکم کرلیں کہ کوئی بھی دشمن ملک پاکستان کی طرف آنکھ اٹھا کر دیکھنے کی جرأت نہ کرسکے۔ آخر میں میں چند تجاویز پیش کرنا چاہوں گی :

نمبر 1 ۔ عراقی مظلوم عوام کی انسانیت کے ناتے مدد کے لئے سینیٹ کی ہیومن رائٹ کمیٹی کے ذریعے انہیں دوائیں، خوراک اور دیگر ضروری اشیاء کی فراہمی کی جائے۔

نمبر 2 ۔ مستقبل کے خطرات سے بچنے کے لئے اپنے ملک کی stability اور integrityکے لئے تمام صوبوں کو حقوق اور صوبائی خود مختاری دی جائے۔

نمبر 3 ۔ تمام سیاسی جماعتیں اور قومیتیں اپنے اختلافات ختم کر کے ایک بندمٹھی کی طرح متحد ہو جائیں۔ شکریہ۔

جناب چیئرمین، شکریہ۔ جناب حمید اللہ جان آفریدی۔

جناب حمید اللہ جان آفریدی، بسم اللہ الرحمن الرحیم۔

Mr. Chairman! First of all I would like to thank you and all the honourable members of this House for their profound observation and incessant comments on Iraq. Sir I would like to begin by expressing my solidarity with millions all over the world, who are against the use of war, as a tool to promote national objectives, against the international law.

جناب چیئرمین! چند دنوں سے تقاریر سنتے سنتے میں بھی یہ سوچ رہا تھا کہ شاید اس بحران کا کوئی حل نکال سکیں لیکن مولانا گل نصیب صاحب کی تقریر سن کر میں بھی اس نتیجے پر پہنچا کہ there is no doubt کہ امریکہ technologically بڑا advanced ملک ہے and economically as well تو ہم واقعی اس ظلم کے خلاف دیوار نہیں بن سکتے ہیں۔

Mr. Chairman! I think we should be realistic over here and the reality is that no one can bend over the force of Bush against Iraq except Allah. Not even countries like Germany, France, China. So, then what can we do? What we should do Mr. Chairman! is to get united and gear up the efforts on humanitarian grounds as already promised by the government by sending medicines, medical teams and other necessities of lives to Iraqi civilians. At last I will suggest Mr. Chairman that we should do what we can, rather than thinking, what we can not. Thank you.

**Mr. Chairman:** Thank you Mr. Afridi.

جناب رضا محمد رضا، پوائنٹ آف آرڈر جناب چیئرمین - جناب حمید اللہ جان صاحب نے جو نقشہ کھینچا ہے، یہ ایک معزز ایوان ہے اور یہاں کے ممبران تاریخ سے واقف ہیں - ویت نام میں امریکہ کی طاقت اتنی ہی بڑی تھی لیکن اس کو ذلت آمیز شکست کا سامنا کرنا پڑا۔ دنیا میں

ایسی قوتیں موجود ہیں اور سوویت یونین ایک ایسی قوت آج بھی ہے کہ جس کے سائنسدانوں نے بڑے خطرناک bombs بنا رکھے ہیں جن کا اب تک نام بھی نہیں رکھا ہے۔ فرانس بذات خود ایک ایسی قوت ہے، چین بذات خود ایک ایسی قوت ہے لیکن بات اصل میں یہ ہے کہ اگر سیکورٹی کونسل، دنیا کے غیر جانبدار ممالک یہ فیصلہ کریں کہ ہم نے امریکہ کا راستہ روکنا ہے اور اس کے علاوہ صدام نے جو طویل گوریلا جنگ شروع کی ہے ----

(مداخلت)

جناب چیئرمین: رضا صاحب آپ اپنی تقریر کر چکے ہیں اب دوسروں کو بھی کرنے دیں۔ یہ تو وہی repeat ہو رہا ہے جو آپ پہلے کہہ چکے ہیں۔

جناب رضا محمد رضا: میں یہ ریکارڈ پر لانا چاہتا ہوں کہ جناب یہ ناقابل تسخیر نہیں ہے صرف حکمت عملی اور تدبیر کی ضرورت ہے۔ ہم مسلم امہ کے لوگ ہیں، ہم اس کا حصہ ہیں ہمیں اللہ پر پورا یقین ہے کہ خداوند تعالیٰ تمام اقدامات انسانوں کے ذریعے ہی کرتے ہیں، فرشتوں کے ذریعے نہیں۔

جناب چیئرمین: شکریہ جی۔

جناب حمید اللہ جان آفریدی: جناب چیئرمین! موصوف کو پتا ہونا چاہیئے کہ اُس وقت سویت یونین تھی اب سویت یونین نہیں ہے۔

جناب چیئرمین: بالکل صحیح ہے comparable بات ہے۔ جی Mrs. Barucha are you in the mood to speak?

Mrs. Roshan Khurshid Barucha: Thank you for giving me a chance and opportunity to speak on this topic of Iraq which is very important and burning issue. Sir, as you know, for the last four days, we all have been speaking on this important topic. Iraq topic is a very important topic, though other people have been discussing other problems, I feel, we should give more importance to this topic of Iraq.

Nobody wants war, everybody wants peace, we oppose war, we stand here for peace sir. We really feel, so sad, we all condemn and we oppose the brutal action against the people of Iraq. We express complete solidarity with the Iraqi people and we really salute their courage. Mr. Chairman! people across the world whichever religion or whichever race they belong to, everybody has a feeling, everbody feels that this war is not correct, it is against humanity. I feel that UN charter and its principles should not be ignored. International laws and rights of others should be respected UN resolutions should be respected on non-selective basis. why in every conflict the women and children suffer. They have nothing to do, they are not at faults, still they are sufferers and it is so horrifying picture, Geneva Convention is being brutally trampled, a serious crime has been occurred, targeting and hitting the means of communication, food storages have been destroyed There is no food and water for poor people of Iraq. Attemps have been made, there is such lot of killing everywhere. What I feel sir, there should be some solution to it, there should be some practical suggestion to it. Everybody has been talking, not giving any proper solution. What can the solution be, resolution should be passed immediately, war should be stopped. All the countries, the important peace loving countries should get together and stop this war. We should have practically, we should send aid to the Iraqi people. UN should try to solve this problem as quick as possible. In the end I would just like to tell whatever religion one belongs to, whatever race one belongs to, everybody has a feeling, everybody is against war and we

say not to war. Thank you very much, in the end I would pray to God

اے پروردگار اس ملک میں امن ہو اور ہمارے بھائیوں کی خوشی واپس لوٹ آئے۔ Thank you

Mr. Chairman: I am glad that the speeches are coming more and more precise, to the point. Yes Mr. Abdul Maalik.

جناب عبدالمالک: جناب چیئرمین شکریہ۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ سب سے پہلے میں جناب چیئرمین! آپ کو اپنی دل کی گہرائیوں سے مبارکباد پیش کرتا ہوں۔ جناب چیئرمین! اسلام میں کسی کی برائیوں کو دیکھ کر اپنے دل میں برا سمجھنا ایمان کی سب سے کمزور علامت ہے لیکن بحیثیت پاکستانی ہم اس کمزور سے ایمان کا مظاہرہ کرنے سے بھی قاصر ہیں۔ ہمارے نزدیک عراق کے معصوم، بے گناہ اور پرامن شہریوں پر امریکہ اور اس کے اتحادی افواج کی غیر امتیازی بمباری، ننگی جارحیت، ظالمانہ بربریت، عالمی دہشت گردی، کم از کم قابل مذمت نہیں بلکہ صرف قابل افسوس ہے۔ بالکل اسی طرح جس طرح کسی جنگل میں جب کوئی خونخوار بھیڑیا کسی بکری کے بچے کو ہڑپ کرتا ہے اور اس پر افسوس کیا جاتا ہے۔

جناب والا! ہمیں ہمارے آقاء و مولا حضرت محمد مصطفٰی صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ درس دیا ہے کہ مسلمان خواہ وہ کہیں بھی ہوں ان کی مثال ایک جسد واحد کی طرح ہے اور جسم کے جس حصے میں بھی جب کوئی تکلیف ہو تو اس کا اثر تمام جسم محسوس کرتا ہے۔ لیکن دو ہفتوں سے عراق کے مختلف شہروں، بغداد، بصرہ، موصل، نجف اشرف، کربلا اور ناصریہ پر اتحادی افواج کے بمبار طیارے آگ برسا رہے ہیں لیکن ہم انہیں صرف ایک مرتبہ قابل افسوس کہہ کر خاموش ہو گئے ہیں اور آج اس ایوان میں حیران و پریشان ہو کر اس لئے اکٹھے ہیں کہ ہم کیا کریں۔

جناب والا! ہم کیا کرسکتے ہیں۔ ایک انسان کا تعلق چاہے کسی بھی دین یا فرقے سے ہو جب وہ مرتا ہے تو وہ جاں بحق ہی ہوتا ہے۔ اور جب کسی دوسرے کے ہاتھوں مارا جاتا ہے تو مقتول ہوتا ہے اور اس عمل کو قتل کہتے ہیں۔ لیکن جب کوئی مسلمان بیگناہ مارا جاتا ہے خاص طور پر کسی غیر مسلم کے ہاتھوں تو وہ شہید کہلاتا ہے۔ لیکن ہمارا سرکاری الیکٹرانک میڈیا غیرمسلم اتحادی جارحیت کا شکار بیگناہ نہتے مسلمانوں کو شہید بھی نہیں کہہ سکتا ہے۔ جب ان پر

بم اور راکٹ برسائے جاتے ہیں تو وہ جاں بحق ہو جاتے ہیں ۔ہم اور کیا کرسکتے ہیں صرف افسوس ہی کرسکتے ہیں ۔

جناب والا! ہمیں امریکہ نے اتنا ڈرا دیا ہے کہ ہم اپنی اسلامی غیرت اور حمیت کو بھی بھول گئے ہیں۔ سب سے پہلے پاکستان کہہ کر تو ہم نے اس نظریے کو بھی الجھا دیا جس کی بنیاد پر ہم نے پاکستان حاصل کیا تھا ۔ کیا ہمیں اس لئے مسلمان کہا جاتا ہے کہ ہم پاکستان میں بستے ہیں یا پاکستان کو پاکستان اس لئے کہا جاتا ہے کہ یہاں مسلمان بستے ہیں ۔شاعرمشرق حضرت علامہ اقبال نے جب ہندوستانی مسلمانوں میں وطن پرستی کی ہوا دی گئی تو ان کو خبردار کرنے کے لئے پکارا۔

اپنی ملت پر قیاس اقوام مغرب سے نہ کر
خاص ہے ترکیب میں قوم رسول ہاشمی
ان کی جمعیت کا ہے ملک و نسب پر انحصار
قوت مذہب سے مستحکم ہے جمعیت تیری

جناب چیئرمین ! امام عالی مقام سیدنا حضرت امام حسین رضی اللہ کی شہادت سے ہمیں یہی تو درس ملتا ہے کہ جب وقت کے کسی یزید کا سامنا ہو تو مسلمان اپنی جان ' اپنا کنبہ اپنا مال اور اپنا وطن سب کچھ قربان کرکے اپنے خون سے دین اسلام کی آبیاری کرتا ہے ۔

جناب والا! لوٹ مار ، قتل و غارت گری ، دھوکہ اور فریب یہ امریکہ ' برطانیہ اور آسٹریلیا کے سفید فام باشندوں کا ازلی اور آبائی پیشہ ہے۔ ان کی قوموں کی تاریخ اٹھا کر دیکھیئے کہ کیا آج آپ کو آسٹریلیا میں اس سرزمین کے اصلی پیدائشی باشندے نظر آتے ہیں ۔ کیا امریکہ کی سینکڑوں منزلہ عمارتوں کی بنیادیں Red Indian کی ہڈیوں پر استوار نہیں ہیں۔ پہلی جنگِ عظیم سے لے کر آج تک بغیر کسی اشتعال کے امریکہ نے ،ہمیشہ دوسرے ملکوں کے اندر جا کر وہاں کے عوام کا قتل عام کیا۔ ویتنام، افغانستان، فلسطین اور عراق میں سے کس ملک کی سرحدیں امریکہ سے ملتی ہیں۔ کون سا اشتعال ان ملکوں نے امریکہ کو دلایا تھا یا امریکہ کے اپنے معاشی یا سیاسی مفادات ان ملکوں سے وابستہ تھے۔ کیا فلسطین میں اسرائیلی جارحیت کو روکنے کے لیے سلامتی کونسل میں پیش کردہ قراردادوں کو امریکہ نے پانچ چھ مرتبہ ویٹو نہیں کیا۔ ناگا ساکی

اور ہیروشیما پر سب سے پہلے ایٹم بم کس نے پھینکا۔ ویتنام، فلسطین اور عراق میں نیپام بم اعصابی اور حیاتیاتی بموں کا استعمال سب سے پہلے کس نے کیا۔ وہ کون سا ملک ہے جس نے مسلمانوں کو مسلمانوں سے لڑانے کے لئے خطرناک سے خطرناک ہتھیار بہم پہنچائے۔جناب والا! امریکہ انتہائی بزدل ملک ہے وہ صرف بے بس پر وار کرنا جانتا ہے ۔ موجودہ عراق کے خلاف اس کی جارحیت کو ہی لیجئے۔ جب تک اسے اسلحہ انسپکٹروں نے یہ یقین نہ دلا دیا کہ وہاں کسی قسم کا مہلک ہتھیار موجود نہیں اس نے عراق کے خلاف کسی قسم کی فوجی کارروائی کی جرات نہیں کی۔ دراصل امریکہ کو مسلمانوں کے نام ہی سے خوف و دہشت ہے۔ اس خوف و دہشت سے وہ پاگل ہو گیا ہے۔ اور وہ باری باری تمام مسلمانوں کو ختم کرنے کے درپے ہے۔ آج عراق ہے اور کل کس کی باری ہے یہ کوئی امریکہ سے جا کر پوچھے۔ جناب والا! ہمیں مغز بیدار اور آنکھیں کھول کر رکھنی ہوں گی اور اللہ تبارک و تعالیٰ کا یہ فرمان یاد رکھنا ہو گا جو سورہ بقرہ کی آیت نمبر ۱۲۰ میں ہمیں دیا گیا ہے۔

میں یہاں اس کا ترجمہ پیش کرتا ہوں ۔ آپ سے یہود و نصاریٰ ہرگز راضی نہ ہونگے یہاں تک کہ آپ ان کی پیروی کرنے لگیں ۔ آپ انہیں بتا دیجیے۔ اللہ تعالیٰ کا راستہ ہی سیدھا راستہ ہے اور اگر بفرض محال آپ ان کی خواہشوں کی پیروی کرنے لگیں۔ اس علم کے بعد بھی جو آپ کے پاس آ چکا ہے تو پھر اللہ تعالیٰ کی گرفت سے آپ کو بچانے والا کوئی یار اور مدد گار نہ ہو گا۔

جناب چیئرمین! اس اٹل فیصلے کے بعد جو اس آیت کریمہ کے آخری حصہ میں موجود ہے۔ آپ بتائیے کہ آج کا پاکستان امریکہ کی پیروی اور اس کی خواہشوں کی تکمیل میں کتنا آگے نکل چکا ہے۔ کیا کبھی ہمیں اس بات کا تصور ہو سکتا ہے کہ جب معاذ اللہ ثم معاذ اللہ ہم سے اللہ تبارک و تعالیٰ کی فتح و نصرت دست کش ہو جائے۔ جناب والا! آجکل ہمیں اور تمام دیگر مسلمانوں کو جو صورتحال درپیش ہے وہ سب کا مکافات عمل ہے۔ آیئے آپ کو اللہ تعالیٰ کا ایک اور عالیشان فرمان پڑھ کر سناؤں۔ یہ سورہ توبہ کی آیت نمبر چوبیس ہے۔ اللہ تبارک و تعالیٰ اپنے پیارے حبیب صلی اللہ علیہ وسلم سے مخاطب ہے۔

(ترجمہ) آپ ان لوگوں سے کہیئے کہ اگر تمہارے ماں باپ، بیٹے اور بھائی، تمہاری

بیویاں اور کنبہ تمہارا کمایا ہوا مال اور وہ کاروبار جس کے نقصان کا تمہیں اندیشہ ہے۔ اور وہ مکانات جسے تم پسند کرتے ہو۔ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلعم اس کی راہ میں جہاد کرنے سے زیادہ عزیز ہیں تو انتظار کرو۔ یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ اپنا حکم لے آئے اور اللہ تعالیٰ نافرمان قوم کو ہدایت نہیں دیتا۔

جناب چیئرمین! یہ ہے اللہ تبارک و تعالیٰ کا حکم اور فیصلہ' اس پر غور و فکر اور عمل کی جتنی ضرورت آج ہے وہ کبھی نہ تھی۔ جناب والا! میں اس ایوان کے سامنے چند معروضات پیش کرتا ہوں اس امید کے ساتھ کہ یہ ایوان ان کو قرار داد کی شکل میں منظور کرائے گی۔ عراق جنگ کا نہیں ننگی جارحیت کا شکار ہے۔ ہمیں امریکہ اور اس کے اتحادیوں کی اس بلا اشتعال' بزدلانہ کارروائی کی پر زور مذمت کرنی چاہیئے اور ہمیں اعلیٰ سفارتی سطح پر اس جارحیت کو رکوانے کی بھرپور کوشش کرنی چاہیئے۔ اسلامی ملکوں کی عالمی تنظیم کے ذریعے تمام اسلامی ممالک مل کر امریکہ سے مطالبہ کریں کہ وہ خلیجی ریاستوں سے اور عرب ممالک سے فی الفور اپنی فوجیں واپس بلا لے اور تمام مسلمان ممالک عراق کی آباد کاری میں اس کی مدد کریں۔ اقوام متحدہ کا موجودہ سیکرٹری جنرل مسٹر کوفی عنان موجودہ صورتحال میں اپنی ناکامیوں کا اعتراف کرتے ہوئے اپنے منصب سے فی الفور مستعفی ہو جائے۔ ہم ظالم کو ظلم کرتے ہوئے دیکھ رہے ہیں۔ اس کا ہاتھ روکنے کی کوشش نہیں کرتے اور مظلوم کے منہ میں نوالہ دے کر اس سے کہنا چاہتے ہیں کہ لو یہ کھاؤ اور ظلم سہتے رہو۔

اے طائر لاہوتی اس رزق سے موت اچھی
جس رزق سے آتی ہو پرواز میں کوتاہی

و ما علینا الا البلاغ۔ بہت بہت شکریہ جناب۔

جناب چیئرمین: شکریہ۔ ڈاکٹر کوثر فردوس۔

ڈاکٹر کوثر فردوس: شکریہ جناب چیئرمین! آپ نے مجھے اظہار خیال کا موقع دیا۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ میں اپنی بات کا آغاز اس نکتے سے کروں گی کہ امریکہ کے پاس عراق پر حملے کا جواز کیا تھا؟ ہم سب اس پر متفق ہیں کہ یہ جواز جو پیش کئے گئے۔ امریکہ نے جو

جواز خود بتائے کہ عراق کے پاس انسانیت کے لئے تباہ کن ہتھیار ہیں۔ صدام حسین ایک ڈکٹیٹر ہے۔ صدام ملک چھوڑ دے۔ ہم اس ملک میں اپنے اہداف پورے کرنے کے لئے حملہ کرنا چاہتے ہیں۔ جناب چیئرمین! یہ سارے جواز ایسے ہیں جو کوئی بھی ہوش و خرد رکھنے والا انسان قبول نہیں کرتا۔ یہاں پر بھی یہ جواز کسی نے تسلیم نہیں کئے۔ تو پہلی حقیقت جو اس بات سے ہمارے سامنے آتی ہے کہ ایک وہ جو جابر اور ظالم قوت ہے جس نے اپنے سارے نئے بنائے ہوئے ہتھیاروں سے تجربے کرنے کے لئے ایک ایسے کمزور ملک کو ہدف بنایا ہے جس کا کوئی بھی قصور وہ ثابت نہیں کر سکا۔ دوسری بات جو ان حقائق کو سامنے رکھتے ہوئے ہمیں سوچنی ہے اور جس کے لئے آج ہم یہاں ایوان میں گفتگو کر رہے ہیں۔ میں سمجھتی ہوں کہ وہ یہ اہم نکتہ ہے کہ ہماری خارجہ پالیسی اس واقعہ کی روشنی میں کیا ہونی چاہیئے۔ کیا یہ وہی رہے جو پہلے سے ہے؟ کیا اس میں تھوڑی سی تبدیلی کی ضرورت ہے؟ کیا اس میں کسی بڑی تبدیلی کی ضرورت ہے؟ جناب چیئرمین! میں یہ چاہوں گی کہ میں، آپ، ہم میں سے ہر ایک جب اپنی زندگی کا کوئی چھوٹا سا معاملہ کرتا ہے، کوئی امانت رکھوانی ہوتی ہے، کوئی اشتراک کاروبار کرنا ہوتا ہے، کوئی رشتہ داری کرنی ہوتی ہے۔ ہم اس شخص کے کردار کو دیکھتے ہیں۔ اگر معاملہ طے کرنے کے بعد کچھ اور حقیقتیں ہمارے سامنے آئیں تو ہم جائزہ لیتے ہیں کہ یہ تعلق قائم رہے گا یا اس میں کوئی تبدیلی ہوگی؟ امریکہ کا جو پورا کردار ہمارے سامنے آیا ہے اس کی روشنی میں حکومت پاکستان نے جو اقدام کئے ہیں میں ان کو سراہتی ہوں۔ امریکہ کا دورہ منسوخ کیا گیا۔ روس جایا گیا۔ چین جایا گیا۔ جنگ روکنے کی بات کی گئی۔ مختصر کرنے کی بات کی گئی۔ اظہار افسوس کیا گیا۔ بہت اچھا لیکن جناب چیئرمین! جنگ مختصر کرنے کو کہا گیا بند کرنے کو نہیں کہا گیا۔ افسوس کیا گیا مذمت نہیں کی گئی۔ آپ کہہ سکتے ہیں تقریباً برابر ہیں۔ صحیح ہے۔ تقریباً برابر ہیں مگر ۱۹ اور ۲۰ کا فرق بھی بعض معاملات میں، بعض پالیسیوں میں واضح directions رکھتا ہے۔ میں یہ کہنا چاہوں گی کہ تقریباً ایک تو ہیں۔ مگر ایک نہیں ہیں۔ اور ایک نہیں ہیں تو پھر ہمیں جائزہ لینا چاہئے کہ ہم ان کو ایسے ہی رکھیں گے یا کچھ بدلیں گے۔ جناب چیئرمین! میں یہ بھی واضح کرنا چاہوں گی کہ ہم سب اس بات کو سمجھتے ہیں اور قرآن پاک میں بھی اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ خود شراب کے اندر بھی کچھ فائدے ہیں مگر اس کے فائدے کم اور خرابیاں زیادہ ہیں، نقصان زیادہ ہیں، اس

لئے تم اس کو چھوڑ دو۔ امریکہ کے ساتھ موجودہ پالیسی میں بھی کچھ فائدے ہیں جوگنوائے جا سکتے ہیں مگر یہ جائزہ لینے کی ضرورت ہے کہ کیا انیس بیس کے فرق کے ساتھ نقصانات زیادہ تو نہیں۔ اور اگر زیادہ ہیں تو پھر ہمیں دیکھنا ہوگا کہ ہماری یہ پالیسی جو ایک گومگو کی پالیسی ہے، جو رومانی statement کی پالیسی ہے کہ دونوں طرف بیٹھ جائیں۔ یہ بھی راضی رہیں وہ بھی راضی رہیں، یہ رہے یا ہمیں تھوڑی سی تبدیلی کرنی ہے یا پالیسی واضح کرنی ہے اور اس واضح پالیسی میں اصول کیا ہوں ۔ میں سمجھتی ہوں کہ وہ عدل، انصاف اور سچائی کے اصول ہونے چاہیئں اور ہمیں اعلانیہ اور ببانگ دہل آگے بڑھ کر ساتھ دینا چاہئے۔

جناب چیئرمین! میں یہ سمجھتی ہوں کہ اگر ظالم کو کھل کر ظالم نہ کہا جائے تو مظلوم کی بھی کھل کر حمایت نہیں کی جاسکتی۔ تیسری بات جو میں آپ کے سامنے رکھنا چاہتی ہوں وہ یہ ہے کہ جیسے میں نے کہا کہ معاملات طے کرنے کے لئے ہم جائزہ لیتے ہیں کہ اس وقت امریکہ کا کیاکردار ہے۔ مختصراً یہ کہ عالمی ادارہ برائے انصاف اور امن UNO, سلامتی کونسل کی قرارداد 1441، انسانی حقوق چارٹر، جنیوا کنونشن سب کی violation جمہوری اقدار کی پاسبانی کا بڑا دعویٰ کہ رائے عامہ کا لحاظ کیا جاتا ہے، امریکہ کی عوام کی کیا، مسلم countries کی عوام کی کیا، پوری دنیا کے عوام کی رائے اور demonstrations کو ایک طرف ڈال دیا گیا، ان کی کوئی پاسداری نہیں کی گئی۔ تیسری بات جناب چیئرمین! یہ کہ بنیادی انسانی حقوق کے چیمپئین بننے کا دعویٰ، اور وہاں انسانی آبادیوں پر بمباری اور بچوں کا کھانا، نہتے شہریوں کا کھانا بھی نہ چھوڑا جائے۔

جناب چیئرمین! میں یہ بات بھی کہنا چاہوں گی کہ دوسرے ملک کے عوام اور اس کی سرکردہ قوتوں کو کاٹنا، بغاوت پر آمادہ کرنا، رشوت دینا کس اصول کے تحت صحیح ہے؟ عراقی عوام کو یہ کہا جائے کہ آؤ! ہمارے ساتھ مل جاؤ، تم کو اتنا کھانا اور پانی دیں گے جو پچھلے سات سالوں میں تم کو نہیں ملا۔ ترکی کو پیشکش کی جائے کہ اتنے ڈالر ملیں گے اور آج کے نوائے وقت کی خبر ہے، بی بی سی نے یہ رپورٹ کیا ہے کہ امریکہ نے کہا ہے کہ پاکستان سمیت مسلم ممالک میں ہم آٹھ کروڑ ڈالر تقسیم کریں گے۔ یہ سب کیا ہے؟ یہ کس طرح کا اخلاق ہے؟ ہم کس دوستی کے پیچھے جا رہے ہیں؟ پھر ایک بات اور ہے۔ ہمارے ساتھ گزشتہ معاملات کیا رہے؟

F16 کی رقم دے دی، ملے نہیں۔ کہوٹہ پر پابندیاں نئی بات ہے۔ جناب وزیر صاحب نے فرمایا کہ ہمارا میزائل پروگرام ویسے ہی رہے گا۔ Sir میں پوچھنا چاہتی ہوں کہ اگر سب کچھ ویسے ہی رہنا تھا تو امریکہ نے یہ کہا کیوں؟ یہ تو ایسی ہی بات ہے کہ مجھے کوئی جیل میں ڈال دے اور میں یہ بیان دوں کہ نہیں، میرے آرام اور سونے کے اوقات پر کوئی فرق نہیں پڑے گا۔ یہ کیسے ہوگا کہ کوئی فرق نہیں پڑے گا۔ کچھ نہ کچھ تو ہوگا جس کی وجہ سے یہ پابندیاں لگائی گئی ہیں۔ جناب! بس آخری بات جو مجھے بڑی اہم لگتی ہے، جو میں بڑے درد کے ساتھ کہنا چاہتی ہوں، مجھے یہ لگتا ہے کہ ہم سب جو اس ایوان میں ہیں، ان باتوں پر تو متفق ہیں لیکن مسئلہ یہ ہے کہ ہمارے دل میں ایک خوف ہے، ایک خدشہ ہے، ہمیں ڈر ہے کہ امریکہ سپر پاور ہے Unipolar World کا، اگر ہم نے اس کی مخالفت مول لے لی تو کیا ہوگا؟ جناب! یہ فکر بجا ہے لیکن اس پر بھی سوچا جانا چاہئے۔ پہلی بات جو مجھے سمجھ آتی ہے وہ یہ ہے کہ کوئی بھی سپر پاور ہمیشہ سپر پاور نہیں رہتی۔ خود قرآن پاک میں سورہ روم میں جو آیات ہماری تسلی کے لئے درج کر دی گئیں کہ رومی قریب کی سرزمین میں مغلوب ہوگئے مگر وہ عنقریب مغلوبیت کے چند سال کے اندر دوبارہ غالب ہوں گے۔ اور وہ غالب ہوئے اور صرف سات سال کے اندر غالب ہوگئے ۔ رومی اہل کتاب تھے اور ایران آتش پرست تھے۔ اہل کتاب کو اس وقت، وقتی شکست اور حزیمت اٹھانی پڑی۔ کوئی بڑی بات نہیں ہے۔ لیکن غلبہ حق کا ہوگا، اسلام کا ہوگا ۔ ہم تسلی رکھیں ۔روس کی طاقت بھی ہمارے سامنے ختم ہوئی۔ برطانیہ کی سلطنت میں سورج نہیں ڈوبتا تھا، وہ بھی ڈوب گیا۔ اس لئے یہ سپر پاور بھی ہمیشہ نہیں رہے گی کہ ہم اپنے اوپر اس کا اتنا خوف مسلط کر لیں۔

دوسری بات یہ ہے کہ مخالفت مول نہیں لی جاسکتی۔ حکمت اور عقل مندی کا تقاضا بھی یہی ہے کہ مخالفت مول نہیں لینی چاہئے مگر مخالفت مول نہ لینے کی ہر کوشش کے بعد بھی اگر عتاب ہی نازل ہونا ہے تو پھر کیا کیا جائے ۔ اسی سورہ روم کی تفصیل میں ہے، میں تھوڑی سی بات اور عرض کرنا چاہوں گی کہ جس وقت روم کو شکست پر شکست ہوتی گئی اور روم کے قیصر نے یہ سمجھ لیا کہ اب کوئی چارہ کار نہیں تو اس نے صلح کی پیش کش کی لیکن ایران کے بادشاہ نے اس کو قبول نہیں کیا اور کہا کہ وہ پابند سلاسل میرے سامنے آئے اور آکر عیسائیت سے تائب ہو تو تب میں مانوں گا ۔ پتا نہیں اس نے ماننا تھا یا نہیں ماننا تھا ۔ لیکن

ہمارے لئے کہاں جا کر معافی ہوگی کہ ہم اپنے اسلام سے تائب ہو جائیں ؟ شاید ہم راضی بھی ہو جائیں لیکن پھر یہ قصور سامنے آ جائے گا کہ آپ کی نسل ' آپ کے ماں باپ مسلمان تھے لہذا ' آپ کا قصور معاف نہیں کیا جا سکتا ۔ جب معاملہ ایسا ہو تو پھر ڈر کر ہم کہاں جائیں گے ؟ صدام حسین سے اچھا کردار کونپیش کر سکتا ہے۔ اتنی فرمانبرداری کہ آپ مشاہدہ کرائیے ' آپ معائنہ کرائیے ۔ کروز میزائل اور زنگ آلود ہتھیار بھی تباہ کر دیئے گئے۔ صدام! کھڑے ہوجاؤ ۔ Yes sir، لیٹ جاؤ ' .yes sir جو کہا گیا ,yes sir اور پھر بھی کہا گیا کہ صدام ! تم بہت گستاخ ہو، تمہیں اس کی سزا ملے گی۔جناب! اگر رویئے یہی ہوں گے تو پھر ہم کہاں جا کر بیٹھیں گے۔ میرا خیال ہے کہ یہ بھی میرا اور آپ کا تجربہ ہے کہ ایک بدنیت انسان جب دھمکانا شروع کر دے اور ہم دبتے جائیں تو وہ سوار ہوتا جاتا ہے اور اگر ہم بھی آگے ڈٹ کر کھڑے ہو جائیں تو پھر وہ سوچنے پر مجبور ہو جاتا ہے کہ کیا کیا جائے۔ بڑی طاقتوں کا تو یہی اصول رہا ہے۔اگر آپ ان کے پاؤں بھی پڑ جائیں گے ' ان کے پیروں میں اپنا سر رکھ دیں گے تو سر کچلنے سے بھی گریز نہیں کریں گے ۔ اگر برابر کھڑے رہیں گے تو پھر امید کی جا سکتی ہے کہ وہ زندگی جو جانی ہی تھی' اب عزت سے تو گئی۔

جناب والا ! اب صرف ایک چھوٹی سی بات کرنی ہے۔ مجھے لگتا ہے کہ advanced technology کی بھی ہم پر بڑی دہشت ہے؛ ہمارے اعصاب پر بڑا اثر ہے۔ہمیں بڑی محرومیت کا احساس ہے اور جناب! یہ حقیقت ہے ' ماننے کی بات ہے ' ہوتا ہے ' ہوا ہے اور ہو رہا ہے اور یہی پہلے بھی ہوا ۔ ایک واقعہ ہے بغداد کی تاریخ کا کہ جب تاتاریوں نے حملہ کیا تو اس وقت انہوں نے ڈیڑھ لاکھ انسان قتل کئے' خون بہایا اور وہاں انہوں نے کتے اور بلیاں بھی نہیں چھوڑی تھیں ' انہیں بھی ذبح کر دیا گیا۔ پھر اس کے بعد انسانوں کی کھوپڑیوں کی دیواریں اور مینار بنائے گئے۔ جناب ! یہ کیا تھا۔ یہ صرف اپنے دشمن کو اعصابی دباؤ میں مبتلا کرنا تھا۔ یہ اس وقت ابلاغ کا طریقہ تھا ' اس وقت ان کے پاس TV نہیں تھا ' internet نہیں تھا اس لئے یہ طریقہ استعمال کیا گیا اور آپ اس کے اثرات دیکھئے ۔ ایک تاتاری جس کے پاس کوئی ہتھیار نہیں ہے' وہ لائن میں نہتے مسلمانوں کو کھڑا کرتا ہے اور کہتا ہے کہ تم اس جگہ سے نہیں ہلو گے۔ گھر جاتا ہے اور وہاں سے تلوار لے کر آتا ہے اور پھر انہیں قتل کرتا ہے اور ان کے اندر یہ جرات

نہیں ہوتی تھی کہ وہ اپنی جگہ سے ہلیں اور اس ایک شخص پر قابو پا لیں۔ جناب! یہ مرعوبیت ہے۔میں بھی کہتی ہوں کہ اس وقت جو مرعوبیت ہمارے اوپر ہے، ہمیں اس کو دیکھنا ہوگا، اس کا جائزہ لینا ہوگا۔9/11 کے بعد --

**جناب چیئرمین:** ڈاکٹر صاحبہ! ختم کریں۔

**ڈاکٹر کوثر فردوس،** جی بالکل۔ 9/11 کے بعد حملہ آور اس advance technology کے باوجود تلاش نہیں کئے جا سکے۔ بعد میں اس کو تلاش نہیں کیا جا سکا۔ عراق کو 48 hours میں ختم کرنا تھا، نہیں کیا جاسکا۔ Sir, technology اتنی advance ہے تو سہی مگر اتنی بھی نہیں ہے جتنا ہم ڈر گئے ہیں۔ ان سفارشات کے ساتھ میں اپنی بات مختصر کرکے ختم کرتی ہوں صرف یہ بات کہنا چاہوں گی کہ اندرونی استحکام اس وقت تک ممکن نہیں ہے جب تک ہم اسلام کا نظام نہیں لاتے۔اس میں جس کے جو حقوق بنتے ہیں اس کو نہیں دیتے۔ اگر وہ دے دیں گے تو جناب اُس وقت یہ جو پریشانی ہے، عدم استحکام کی فضا ہے وہ درست ہو جائے گی۔ سودی نظام ختم ہو۔ حقائق درست پیش ہوں اور فیصلے انصاف کی روح میں ہوں اور عالمی سطح پر خارجہ پالیسی کے لیے جو کچھ کہا گیا اس میں بس یہ کہ جنگ رکوانا ہماری پہلی ترجیح ہو اور اس کے لیے جو مشورے یہاں پر دیئے گئے ان پر عملدرآمد کرایا جائے اور دوسری بات یہ ہے کہ عراق کی مدد ہماری دوسری ترجیح ہو اور اس کے لیے جتنا ہاتھ ہم actively بٹا سکتے ہیں۔ہمیں بٹانا چاہیے۔بہت شکریہ۔

**جناب چیئرمین:** شکریہ جی، جی بلور صاحب۔

**Mr. Ilyas Ahmed Bilour:** Thank you very much Mr. Chairman! I was really delighted to hear the speech of the Mohtarma with this impression, therefore I will propose and expect that our House should adopt the proposal that we should boycott all goods of the America and British, eatable and not eatable each kind of goods we should give this message through you and through this House to all of

the countries. Today our country and our public should not take, and should not buy, from today American or British things

ان کی کوئی چیز نہ کھائیں This will be a biggest slap on their face and they will economically have a lot of problems. My proposal is this. Thank you very much.

جناب چیئرمین: مسز ممتاز بی بی، مسز آغا پری گل۔

مسز پری گل آغا: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ جناب چیئرمین! سب سے پہلے میں اپنی طرف سے اپنے بلوچستان کی خواتین کی طرف سے بلوچستان کے عوام کی طرف سے آپ کو اور اپنے ڈپٹی چیئرمین سینیٹ کو مبارکباد پیش کرتی ہوں اور دعا کرتی ہوں کہ جس طرح ہمارا یہ ایک ہفتہ بہت اچھے طریقے سے گزرا ۔ آپ نے اپوزیشن اور تمام جماعتوں کو ساتھ لیکر اتنے پیار اور خلوص سے چلایا ۔ ہمیں ڈر تھا کہ کہیں جس طرح قومی اسمبلی میں ہوا شاید سینیٹ میں یہی ہوگا مگر یقین کریں کہ ہم خواتین اپنے اپوزیشن کے بھائیوں پر فخر کرتے ہیں۔ان کو داد دیتے ہیں کہ انہوں نے بہت اچھا طریقہ اختیار کیا۔ تھوڑا بہت ہر گھر میں ہوتا ہے بچے بھی ماں کو تنگ کرتے ہیں ہم بھی آپ کو تھوڑا بہت تنگ کریں گے۔ مگر انہوں نے وہ رول ادا نہیں کیا جو کہ قومی اسمبلی میں ہمارے قومی اسمبلی کے ممبران نے کیا۔ میں اپنے تمام بھائیوں کو سلام پیش کرتی ہوں اور دعا کرتی ہوں کہ آئندہ بھی ہمارا اجلاس اسی طریقے سے اور بہت اچھے طریقے سے چلے گا ۔ اب عراق پر آتی ہوں۔جناب چیئرمین! ہم تمام خواتین اپنے بھائیوں سے درخواست کرتی ہیں۔ کیونکہ تقریریں انہوں نے بہت زیادہ کیں۔اب دوبارہ میں وہی تمام باتیں دہراؤں تو اچھی بات نہیں ہوگی۔ کیونکہ بش کو پوری دنیا نے پہچان لیا یہ ایک بہت ہی گندہ انسان ہے ۔بہت ہی مکروہ انسان ہے ۔ آپ یقین کریں کہ جس دن یہ صدر بنا ہم نے اسی دن اسے پہچان لیا کہ اللہ خیر کرے ۔ انہوں نے سب سے پہلے افغانستان پر حملہ کیا۔ اُس وقت ہمارے لوگوں نے بولا مگر اتنا نہیں بولا کیونکہ اس وقت اسمبلیاں موجود نہیں تھیں سینیٹ بھی نہیں تھا اور ہمارے قومی ادارے بھی نہیں تھے۔ مگر اب جمہوریت بحال ہو چکی ہے اور ہم آپ سے درخواست کرتے ہیں اور پرزور

طریقے سے مذمت کرتے ہیں کہ جناب چیئرمین صاحب ! خدا کا واسطہ ہے۔ ہم تمام بہنوں اور بھائیوں کا پیغام بہت اچھے طریقے سے پیش کریں ۔ ہم عراقی عوام کے ساتھ ہیں ۔ ٹھیک ہے ہم صدام کو پسند نہیں کرتے کیونکہ وہ انڈیا کے ساتھ تھوڑا بہت ملا ہوا ہے ۔ دنیا کو معلوم ہے ۔ مگر عراقی عوام کا تو کوئی قصور نہیں ۔ وہ ہماری بہنیں ' بھائی اور بچے ہیں۔ ہم خواتین اور پاکستانی عوام ان کے دکھ میں شامل ہیں۔ جیسا کہ ہمارے بھائیوں نے کہا کہ وہ عراق جانے کو تیار ہیں ۔ جلوس جلسے تو ہم بہت زیادہ نکال رہے ہیں۔ مگر ہمیں اب عملی کام کرنا چاہیے ۔ صرف جلسے جلوسوں سے کام نہیں چلتا ۔ ٹھیک ہے گورنمنٹ بھی پورا ساتھ دے۔ وزیر اعظم صاحب نے اتنا بڑا قدم اٹھایا ۔ ہم بہنوں کو فخر ہے ' تمام پاکستانی خواتین اور عوام کو فخر ہے کہ کتنے اچھے طریقے سے انہوں نے امریکہ کا دورہ منسوخ کیا ۔ کیونکہ کافروں کے علاقے میں تو جانا بھی نہیں چاہیے ۔ یہ اتنے گندے لوگ ہیں ان کی طرف سے تو گزرنا بھی نہیں چاہیے ۔ پلید لوگ ہیں ۔ ہمیں ان سے نفرت ہے ۔ ابھی بھی ہم ان سے نفرت کرتے ہیں اور بعد میں بھی نفرت کریں گے۔ آپ سے یہ میں درخواست کروں گی کہ جیسے ہمارے بھائی نے کہا کہ ان کی ایمبیسی بھی بند ہونی چاہیے۔ پورا بارڈر بلاک کرنا چاہیے اور خاص طور پر بش خاندان پر بند کرنا چاہیے۔ یہ لوگ اس قابل نہیں ہیں کہ بندہ ان کو برداشت کرے۔ کیونکہ جیسے ہمارے مولانا حضرات کہتے ہیں ۔جی' ہمارے مولانا حضرات جو کہتے ہیں وہ صحیح کہتے ہیں۔ بہت اچھے طریقے سے وہ اس جلاد کو deal کرتے ہیں ۔ہم پھر بھی کہتے ہیں کہ مولانا صاحبان نے غلط کہا ہے ۔انہوں نے سب کچھ دیکھا ہے ۔ انہوں نے ان کو پہچانا ہے کیونکہ ان کا زیادہ رابطہ ان سے ہوتا ہے ۔----

(Interruption)

ڈاکٹر محمد اسمٰعیل بلیدی: پوائنٹ آف آرڈر جناب چیئرمین۔

مسز پری گل آغا: آپ آرام سے رہیں ۔ بہت ہو چکا ۔ ہم چھ چھ گھنٹے آپ کو برداشت کرتے ہیں۔ آپ پانچ منٹ برداشت نہیں کرسکتے ہیں ۔ کوئی تو طریقہ ہوتا ہے ۔

جناب چیئرمین: چلیں آپ بات پوری کریں۔

مسز پری گل آغا: نہیں جی چیئرمین صاحب' یہ کہتے ہیں کہ میں پارلیمنٹ کا ممبر ہوں ۔

یہ کیسا ممبر ہے ۔ اس کو یہ بھی نہیں پتا ہے کہ کوئی بول رہا ہو تو خاموش ہوکر بیٹھ جائے۔ بہت اسے بولنے کا شوق ہے ۔ بہت طریقہ آتا ہے ۔ میں Ex- Minister بھی ہوں ۔ آپ کی طرح ابھی نئی نہیں ہوں۔

جناب چیئرمین: بیگم صاحبہ ' آپ مجھ سے مخاطب ہوں ۔

مسز پری گل آغا: نہیں جی ۔ آپ دیکھیں ناں ۔ آپ کو ایک بات بتاؤں ۔ آپ ان کو ذرا سمجھائیں ۔ بہت ہم نے ان کو برداشت کیا ہے ۔ کبھی یہ منسٹروں کو لولے لنگڑے بناتے ہیں ۔ وہ کیا ہے وہ پارلیمنٹ کے اصول کے خلاف نہیں ہے ۔ کبھی یہ کسی کی وردی اتارتے ہیں ۔ کیا یہ پارلیمنٹ کے اصول کے خلاف نہیں ہے ؟ آپ ان کو بھی سمجھایا کریں اورجب ہم آپ کے سامنے بولتے ہیں یہ کہتا ہے پوائنٹ آف آرڈر ۔ یہ خلاف قانون ہے ۔ بالکل آپ اس سینیٹ میں عراق کی بات کریں۔ جنرل پرویز مشرف کی آپ بات نہیں کرسکتے ۔ اس وقت پورے ملک کے حالات اتنے گندے ہیں۔ آپ وردی کے پیچھے پڑے ہوئے ہیں ۔ وہ وردی خود پہنتا ہے ' ان کو اللہ نے وردی دی ہے۔ ٹھیک ہے وہ پہنیں سدا پہنیں ۔ مگر اس وقت وہ ہمارے پریذیڈنٹ صاحب ہیں ۔ ملکی صدر کے بارے میں ہمیں اس طرح باتیں کرنا زیب نہیں دیتا ۔ یہ پارلیمنٹ کا اصول نہیں ہے ۔ یہ بھی دیکھیں ----

( ڈیسک بجائے گئے )

مسز پری گل آغا: آئندہ اگر کوئی بھی بات پوائنٹ سے ہٹ کر ہوئی ۔ تو جناب ٹھیک ہے کوئی ساتھ دے یا نہ دے ۔ مگر ہم لیڈیز بھرپور طریقے سے ان کی مخالفت کریں گی ۔

جناب چیئرمین: آپ ابھی عراق کی صورتحال پر بات کریں ۔

مسز پری گل آغا: ٹھیک ہے آپ نے عراق پر کافی بولا ہے ۔ آخر میں ' میں اگر اپنے صدر چوہدری شجاعت حسین صاحب کا اس ایوان میں ذکر نہ کروں تو ناانصافی ہوگی ۔ میں بلوچستان کے عوام کی طرف سے ان کا شکریہ ادا کرتی ہوں۔ چونکہ ایک بہت بڑا تعصب پھیلا ہوا تھا کہ پنجاب نے سب کو لوٹا ہے ۔ انہوں نے ' پنجابیوں نے' وہ رول ادا کیا شاید ہمیں کبھی بھی یہ رول نصیب نہیں ہوا ۔ انہوں نے بلوچستان سے وزیراعظم لیا ۔ یہ پہلی دفعہ جناب چیئرمین !

تاریخ میں پہلی دفعہ ایک انسان نے ایک اتنا اچھا فیصلہ کیا اور انہوں نے ہمارے بلوچستان کے ایک ایم این اے کو ایک اچھے انسان کو، جمالی صاحب کو وزیر اعظم پاکستان بنایا۔ میں اپنی اور بلوچستان کی عوام کی طرف سے ان کا بھی شکریہ ادا کرتی ہوں۔ اور پاکستان کے لئے بھی دعا کرتی ہوں کہ اللہ تعالیٰ پاکستان کو سلامت رکھے۔ ہم تمام بہنیں اور بھائی بہت دل و جان سے پاکستان سے پیار کرتے ہیں اور دعا کرتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ پاکستان کو سلامت رکھے۔ مگر یہ بار بار ایک بات دہراتے ہیں کہ اب پاکستان کی باری ہے۔ اللہ کا واسطہ ہے یہ بات ختم کی جائے کیونکہ ہماری بہنوں، بھائیوں اور بچوں میں بہت زیادہ پریشانی پھیل رہی ہے کہ پتا نہیں کب ہماری باری آجائے۔ ان کو دعا کرنی چاہیئے اور ایک دیوار بننی چاہیئے۔ آخر میں، میں آپ کا شکریہ ادا کرتی ہوں۔

جناب چیئرمین۔ محمد اسحاق ڈار صاحب۔

جناب محمد اسحاق ڈار۔ بہت بہت شکریہ جناب چیئرمین۔ میں ایوان کو اور معزز رکن کو صرف یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ there has been repeated mention of the National Assembly and irresponsible role of the Opposition members in the National Assembly. It is not the case It is the Opposition which requisitioned the National Assembly session. It is the Opposition which tried its best to end up with a consensus resolution. میں آپ کی وساطت سے معزز رکن کو بتانا چاہتا ہوں کہ اگر یہ اپوزیشن اپنا positive role ادا نہ کرتی تو there would have been no resolution even in this House. پس مہربانی کرکے اچھی چیز کو اچھا رہنے دیں۔ Don't have a bad ending of this entire effort of many days. مہربانی کرکے اپوزیشن کے irresponsible role. کو جو آپ کہتے ہیں، mention نہ کریں کیونکہ ان کا بڑا positive role ہے۔ ہمارے Lower House میں parliamentarians نے پوری effort کی اور میں معزز رکن کو یاد دلانا چاہتا ہوں کہ یہ اجلاس بھی اپوزیشن نے requisition کیا ہوا ہے۔ اگر حکومت یا treasury benches کو اتنا ہوش ہوتا یا وہ اس معاملے پہ

sensitive ہوتے تو وہ اس ایوان کو یا دوسرے ایوان کو summon کرتے ۔ ان دونوں ایوانوں کو اپوزیشن نے ریکوزیشن کیا ۔ ادھر بھی ان کی performance was to the best of its ability in the national interest. They are not here, so we should not be passing wrong remarks. Thank you Mr. Chairman.

**جناب لیاقت علی بنگزئی**۔ میں معزز رکن سینیٹ محترمہ پری گل آغا کے ریمارکس کی ذرا وضاحت کرنا چاہتا ہوں کہ موصوفہ جن کی تعریف میں رطب اللسان تھیں ۔ پاکستان کی باری آنے کے ریمارکس بھی انہوں نے دیئے تھے۔ اپوزیشن نے آج تک کبھی نہیں کہا ہے کہ اب پاکستان کی باری ہے اور میں محترمہ کے علم میں بھی لانا چاہتا ہوں کہ یہ ریمارکس بھی ان ہی کی طرف سے آئے ہیں جن کی وہ تعریف فرما رہی ہیں۔ آپ کا شکریہ۔

**جناب چیئرمین** ۔ رضا محمد رضا صاحب۔

**جناب رضا محمد رضا**۔ جناب چیئرمین! معزز رکن واقعتاً ایک محترمہ ہیں ۔ میں ان کی شان میں زیادہ بات نہیں کروں گا لیکن ان کے پیارے صدر جناب جنرل پرویز مشرف بدقسمتی سے اس ملک کے آئینی طور پر صدر نہیں ہیں ، ان کا electoral college سینیٹ، قومی اسمبلی اور چاروں صوبائی اسمبلیاں ہیں جب تک آئین کے تحت ایسا صدر منتخب نہیں ہوتا ---

**جناب چیئرمین**۔ مہربانی کرکے تشریف رکھئے، وہ بات ہی بالکل اور ہے اس پر جب بحث ہو گی تب آپ اس پر اظہار خیال کر لیجئے گا۔ مسز کلثوم پروین۔

**مسز کلثوم پروین**۔ جناب والا ! یہ فریضہ ببانگ دہل ادا کریں۔ جو دعا اپنے فوجیوں کے لئے کررہے ہیں ، وہی دعا عراقیوں کے لئے کریں۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ جناب چیئرمین! بہت شکریہ کہ آپ نے مجھے بولنے کا موقع دیا ہے۔ جناب والا ! یہاں پر پانچ روز سے عراق اور عراق کے عوام کے لئے بحث جاری ہے۔ یہاں بڑی سیر حاصل بحث اور تقاریر ہوئیں ۔ ہر شخص نے خواہ وہ وطن عزیز کے کسی گوشے سے بھی تعلق رکھتا تھا ، عراق پر یلغار کی مذمت کی خواہ وہ حزب اختلاف ہو یا حزب اقتدار ، خواہ وہ پشتون تھا یا بلوچ ، پنجابی یا سندھی ہر شخص نے بچہ تھا یا بوڑھا اس نے عراق کے حملے کو نہایت ہی اعلیٰ اقدار کے خلاف قرار دیا کیونکہ عراق کے مظلوم

عوام بالکل بے قصور اور بے گناہ ہیں۔ آج ایک اور یزیدیت میدان کربلا میں رقص کر رہی ہے۔ آج پھر خون ناحق کی ندیاں بہائی جا رہی ہیں۔ بھیڑیئے بغداد سے بصرہ تک بھنبھوڑ رہے ہیں اور حسب روایت موجودہ استعمار کے مسمار ہونے کی فقیرانہ، قلندرانہ اور درویشانہ پیشن گوئیاں کی جا رہی ہیں کیونکہ یہ تو جنگ جنگ نہیں ہے یہ ایک طاقتور کا کمزور کے خلاف جارحانہ اقدام ہے۔ ہمیں اچھی طرح معلوم ہے کہ امریکہ کے تھنک ٹینک جو منصوبہ سازی کر رہے ہیں اس میں بین الاقوامی یہودی تنظیموں کا ہاتھ ہے۔

صدر بش مسلم ممالک کے خلاف جس گرمجوشی کا مظاہرہ کر رہے ہیں اس کے پیچھے خود ان کی مذہبی انتہا پسندی اور مسلمانوں کے خلاف تعصب ہے کیونکہ انہیں پتا چل چکا ہے کہ جنوب مشرقی ایشیا میں اسلام تیزی سے پھیل رہا ہے۔ اس وقت اسلام دنیا کا دوسرا بڑا مذہب ہے۔ مسلمانوں کی تعداد الحمدللہ اس وقت ایک ارب تیس کروڑ سے تجاوز کر چکی ہے۔ دوسری طرف یورپ میں آبادی کی شرح مسلسل کم ہو رہی ہے اور آئندہ چند سالوں میں یہ منفی میں چلی جائے گی یعنی شرح پیدائش شرح اموات سے کم ہو جائے گی، لہذا مسلمانوں کو خاص طور پر ختم کرنے کی بڑی وجہ یہ ہے اور دوسری بڑی وجہ تیل کا وہ ذخیرہ ہے جس کو ہر طریقے سے، جائز و ناجائز طریقے سے وہ حاصل کرنا چاہ رہے ہیں۔

حکومت پاکستان نے عراق پر ہونے والے ظلم میں امریکہ کا قطعاً ساتھ نہ دے کر واقعی ایک باکردار اور اسلامی ملک کا کردار ادا کیا ہے۔ ہمارے پرائم منسٹر صاحب نے امریکہ کا دورہ نہ کر کے یہ ثابت کر دیا ہے کہ وہ عراق کے مظلوم عوام کے ساتھ ہیں۔ حالانکہ کئی ممالک نے پیسے لے کر ڈیل کر کے یا مراعات حاصل کرنے کی بات کر رہے ہیں مگر ہم پیسے لے کر خون بہانے کے فارمولے پر لعنت بھیجتے ہیں۔ اس ایوان میں فوری طور پر ایک قرار داد منظور ہونی چاہیئے کہ جنگ فوری طور پر بند ہونی چاہیئے۔ عراق کا جس قدر نقصان ہوا ہے اسے پورا کرنا چاہیئے۔ یوم امن منایا جانا چاہیئے۔ عراق کے لئے ادویات، دودھ اور غذائیں بھجوانی چاہیئں مگر دوسری طرف وطن عزیز کی خوشحالی کے لئے چند اہم اقدامات کرنے ضروری ہیں کیونکہ اگر ہم میں تھوڑا سا بھی دم ہے، اگر ہم مگر مچھ کے آنسو نہیں بہا رہے، اگر واقعی ایک عضو کا درد پورے بدن میں محسوس کر رہے ہیں، اگر عراق کی آنکھ سے ٹپکا ہوا ایک آنسو پورے عالم اسلام کی آنکھ سے ٹپک

رہا ہے، اگر بصرہ اور بغداد کے گھائل زخموں سے چور چور بدن کے ریزے کوئٹہ، کراچی، پشاور اور لاہور کے لئے اجنبی نہیں ہیں تو اپنی کھوئی ہوئی میراث یعنی علم کے حصول کی طرف ہمیں لوٹنا ہو گا۔ سائنس اور ٹیکنالوجی میں عظیم سپوت پیدا کرنے ہوں گے اور بموں کی ماں کی بجائے ہمیں بموں کا باپ بنانا ہو گا۔ کل یہ ہم سے پوچھیں کہ ہم آپ کے کون ہوتے ہیں تو ہم کہیں ہم رشتے میں تمہارے باپ ہیں۔ ورنہ وسائل کے بھوکے تیل کے پیاسے ہمارے ہر شہر کو خدانخواستہ بصرہ اور بغداد بناتے چلے جائیں گے۔ اگر بشوں اور بلیروں سے ہمیں بچنا ہے تو ہمیں اپنی لیبارٹریوں کو آباد کرنا ہو گا تاکہ کل کو ہمارے کابل اور قندھار، بصرہ اور بغداد ہر قسم کی نظر بد سے محفوظ رہیں ورنہ خون کے چشموں کے ساتھ ساتھ محبت کا زم زم یوں بہتا رہے گا۔ مسلمانوں کو مرنے کا کبھی خوف نہیں ہے 'نہ رہے گا' اسے اچھی طرح معلوم ہے کہ جان آنی اور جانی ہے مگر ہمیں آپس میں اتحاد، یگانگت، محبت اور اعتماد کی فضا پیدا کرنا ہو گی۔ انشاء اللہ۔ سب کہتے ہیں پاکستان کی باری آئے گی، کبھی پاکستان کی باری نہیں آئے گی، ہماری دفاعی لائنیں بہت مضبوط ہیں اور ہم ایٹمی طاقت رکھتے ہیں۔ ہم نے یہ بم جو بنائے ہیں، شب برات میں پٹاخوں کے لئے نہیں بنائے، آنے والا وقت یہ ثابت کر دے گا کہ ہم میں مقابلے کی طاقت ہے۔ Thank you very much Sir

جناب چیئرمین: شکریہ۔ جناب کامران مرتضیٰ۔

جناب کامران مرتضیٰ: جناب چیئرمین! مائیک دینے کا شکریہ۔ سب سے پہلے میری طرف سے آپ کو، کمانڈر صاحب کو چیئر سنبھالنے کی مبارک ہو۔ جناب چیئرمین! اس معزز ایوان میں کئی روز سے عراق پر امریکی حملے کی بابت بحث ہو رہی ہے اور مجھ سے قبل متعدد معزز اراکین اپنا اظہار خیال کر چکے ہیں اور عملاً اس پر کوئی مزید بات کرنے کو رہ نہیں گئی۔ آج عراق پر حملے کا چودھواں دن ہے اور اب تک اتحادی افواج تقریباً نو ہزار میزائل عراق پر برسا چکی ہے۔ عراقی مسلمانوں پر عرصہ حیات تنگ ہوا جاتا ہے مگر ہماری حکومت پاکستان فرسٹ کے نام پر کوئی بھی عملی قدم اٹھانے سے قاصر ہے۔ کمزوری کا یہ عالم ہے کہ مذمت کے دو لفظ بھی نہیں کہے جاتے اور اب تک صرف diplore کرنے کی باتیں ہو رہی ہیں۔ بڑی مشکل سے یہ

افسوس کا اظہار کرتے ہیں۔ خیر یہ بھی ہماری توقع سے زیادہ ہے ورنہ یہ تو ایک ٹیلی فون کال کا وزن بھی نہیں سہار سکتے۔ سلام ہے ان عراقیوں کی ہمت کو، جو کئی سالوں سے مصائب برداشت کر رہے ہیں اور جانوں کا نذرانہ دے رہے ہیں۔

جناب چیئرمین! ہمارا 14 کروڑ عوام کا وطن ہے۔ کہنے کو تو ہم ایٹمی طاقت بھی ہیں۔ غوری اور ابدالی میزائلوں کے خالق بھی ہیں مگر امریکہ جب چاہتا ہے ہم پر پابندیاں عائد کر دیتا ہے۔ ابھی تین دن پہلے بھی انہوں نے کہوٹہ کے معاملے میں پابندیاں عائد کر دیں۔ ہم سے تو اپنے ہم عہدہ سے بات بھی نہیں ہوسکتی ۔ ہم تو زیادہ سے زیادہ پاول کو ایک فون کر سکتے ہیں اور وہ بھی وضاحت طلب کرتے ہیں۔ ہمارا اتنا ہی کردار ہے۔

جناب چیئرمین! مجھے جنرل صاحب کا حالیہ بیان یاد آتا ہے، جس میں انہوں نے Security Council کے ممبر ہونے کے باوجود صرف افسوس کا اظہار کیا ہے۔ یہ بہت افسوس کی بات ہے۔ یہ ہمارا حال ہے۔ جناب چیئرمین، پھر یہ لوگ کہتے ہیں کہ ہم عراق نہیں۔ ہاں ہاں ہم عراق نہیں ہیں۔ عراقی ہم سے زیادہ غیرت مند ہیں، زیادہ باعزت ہیں۔ وہ لڑ رہے ہیں اور ہم لڑنے سے انکار کر رہے ہیں۔ ہم ان کی مدد کرنے سے بھی انکار کرتے ہیں ۔ ہم زیادہ سے زیادہ diplore کر رہے ہیں باتوں کو۔ ہمارا تو یہ حال ہے کہ ہمیں سامراج جو اسلحہ دیتا ہے، ہم اس کو بیچ کر اس کیمپ کو آگ لگا دیتے ہیں اور اس کے پیسے کھرے کر لیتے ہیں۔

جناب چیئرمین! بات تلخ ہے۔ جاتے جاتے یہ کہوں گا کہ سامراج نے اپنے کسی حواری کو کبھی معاف نہیں کیا۔ صدام اس کی مثال ہے۔ صدام کل اس کا حواری تھا، آج اس کا ٹارگٹ ہے۔ کل یہ ٹارگٹ ہم بھی ہو سکتے ہیں۔ آج بھی ہمیں چاہیئے کہ ہم ہوش کے ناخن لیں اور diplore کرنے کی بجائے مقابلہ کرنے کی ہمت پیدا کریں۔ مقابلہ کرنے کے لئے سب سے پہلے جو عمل ہم کر سکتے ہیں، بلور صاحب کی تجویز ہے کہ ہم کم از کم امریکی اور برطانوی مصنوعات کا بائی کاٹ کریں۔ بائی کاٹ کرنے کے ساتھ ساتھ اس تجویز پر عمل کرتے ہوئے ہم تمام اراکین سینیٹ اپنا خون کا عطیہ عراقی عوام کے لئے بھجوائیں اور اس کے ساتھ ساتھ ایک تجویز میری بھی ہے کہ ہم کم از کم اپنی ایک ماہ کی تنخواہ بھی عراقی عوام کے لئے بھجوائیں تاکہ ان کی کوئی مالی مدد ہوسکے۔

جناب چیئرمین! آج شیخ رشید صاحب کا ایک بیان چھپا' اس میں انہوں نے کہا کہ پاکستان کی باری کی باتیں یہودیوں کے ایجنٹ کر رہے ہیں۔ وہ ان جنرلوں کے بارے میں کیا کہتے ہیں جنہوں نے یہ بیان سب سے پہلے دیا تھا۔ بہت مہربانی' بہت شکریہ۔

جناب چیئرمین: شکریہ جناب۔ سید محمد حسین صاحب۔

سید محمد حسین: نحمدہ ونصلی علیٰ رسولہ الکریم۔ اعوذ باللہ من الشیطٰن الرجیم۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ جناب چیئرمین! سب سے پہلے میں آپ کو اور آپ کے نائب کو مبارکباد دیتا ہوں کہ خدا ہمیں دین اور قوم کی خدمت کی صحیح توفیق عطا فرمائے۔ آمین

محترم چیئرمین! لوگ کہتے ہیں کہ امریکہ کے ساتھ ہماری جنگ ایک سال پہلے سے شروع ہوئی ہے' دو سال پہلے سے شروع ہوئی ہے' دس سال پہلے سے شروع ہوئی ہے' لیکن میں کہتا ہوں کہ یہود و نصاریٰ کے ساتھ ہماری جنگ اس اعلان کے ساتھ شروع ہوئی ہے' جب اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

(ترجمہ: اے نبی صلی اللہ علیہ وسلم آپ جتنی بھی کوشش کریں' یہود و نصاری آپ سے کبھی بھی راضی نہیں ہوں گے' یہاں تک کہ بالفرض' اگر تو نے اس کی ملت اور دین کا اتباع کیا)۔

ہم نے خدا کے ارشادات اور اعلانات پر عمل نہیں کیا' اس لئے ہم یہ سزا بھگت رہے ہیں۔ ہم نے انگریزوں کے لباس' وضع قطع اور آداب کو اپنایا ہے اور سمجھتے ہیں کہ ترقی تو بس اسی میں ہے۔ یہ خیال بالکل غلط ہے' انگریزوں کے آداب اور لباس میں ترقی نہیں ہے۔ اس لئے مسلمانوں کو نہ دین صحیح طریقے سے ملا اور دنیا' نہ ادھر کے نہ اُدھر کے رہے' نہ خدا ہی ملا نہ وصال صنم۔

جناب والا! میں دعوے سے کہتا ہوں کہ عراق اور افغانستان پر جو کچھ ہوا' یہ ایک سوچے سمجھے منصوبے کے تحت ہوا ہے۔ اس کے لئے نواز شریف کی ایک جمہوری حکومت ختم کی گئی' جہاز وغیرہ کا واقعہ سب ڈرامہ تھا' کیونکہ امریکہ نے ایک فوجی آمر سے جو کچھ کروایا وہ جمہوری حکومت سے نہیں کروا سکتے تھے۔ قوم پر ایک آمر کو مسلط کرایا گیا اور اس آمر نے افغانستان میں ایک اجرتی قاتل کا ----------

جناب چیئرمین: عراق کی بات ہو رہی ہے' اس پر ہی بات کریں۔

سید محمد حسین: جناب والا! میں اس پر بات کر رہا ہوں۔ وزیراعظم صاحب کہتے ہیں کہ میں نے عراق کی خاطر امریکہ کا دورہ منسوخ کر دیا' میں کہتا ہوں کہ اس کو بش نے کوئی لفٹ نہیں دی۔ اب یہ کہہ رہے ہیں کہ انگور کھٹے ہیں۔ پہلے بھی ہم مشرف کو یہ واضح کرتے چلے آ رہے ہیں کہ طالبان کے خلاف امریکہ ظالم کا ساتھ نہ دینا' اس کے بعد کسی اور اسلامی ملک کی باری آ سکتی ہے۔ لیکن بدقسمتی سے ہماری کسی نے نہ سنی۔ اب بھی میں بتا دینا چاہتا ہوں کہ ہاتھی کے دانت کھانے کے اور دکھانے کے اور' کا مصداق بن کر امریکہ کا ساتھ مت دینا۔ امریکہ اور برطانیہ کو علی الاعلان غاصب' جابر' ظالم کہہ دینا چاہیئے۔

آخر میں' میں حکومت کو مشورہ دیتا ہوں کہ ملکی اور بین الاقوامی حالات کے مدنظر نواز شریف اور بے نظیر کو مشاورت کے لئے ضرور بلایا جائے۔ غوری صاحب تو موجود نہیں ہیں' لیکن میں غوری صاحب سے کہتا ہوں کہ وہ الطاف حسین کو بھی بلا لیں' وہ کیوں ڈرتے ہیں۔ اس کو کوئی کچھ نہیں کہہ سکتا۔ اگر پھر بھی وہ ڈرتے ہیں تو کسی عامل کے پاس جا کر تعویز کروا لیں۔ میں اپنے خیالات اس شعر میں ختم کرتا ہوں۔

خدا نے آج تک اس قوم کی حالت نہیں بدلی
نہ ہو جس کو خیال خود اپنی حالت کے بدلنے کا

شکریہ جناب چیئرمین۔

جناب چیئرمین: جی جناب۔

Sardar Mohammad Latif Khan Khosa: Mr. Chairman! I want to draw your kind attention to the banner head news which have been published in all the papers almost. I am reading an extract from "Mashriq" daily and this is the statement attributed to Shaikh Rashid Ahmed and he says:

"کہ ہماری باری آنے کی باتیں کرنے والے دراصل یہودیوں کے ایجنٹ ہیں"

Now, this is the breach of the privilege of this House because

